Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14
منگل، یکم اگست 2023ء، 13 محرم الحرام 1445ھ، قیمت 20 روپے
شمارہ 97

پاکستان مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے حوالے سے صدر شی جن پنگ کے نظریئے اور تصورات کے ساتھ کھڑا ہے، وزیراعظم

پاک چین دوستی میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، شہباز شریف

دوسرے مرحلے میں بزنس ٹو بزنس حکمت عملی کے تحت زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ جات میں سرمایہ کاری کی جائے گی، شہباز شریف

سی پیک کے تحت پاکستان میں بجلی، سڑکوں کے انفراسٹرکچر، پن بجلی اور پبلک ٹرانسپورٹ سمیت مختلف شعبوں میں 25 ارب ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری ہوئی ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین دوستی کے بے مثال رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں، چین اور پاکستان سدا بہار دوست اور آہنی بھائی ہیں، پاک چین دوستی برقرار رہے گی اور اس میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، پاکستان مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے حوالے سے صدر شی جن پنگ کے نظریئے اور تصورات کے ساتھ کھڑا ہے، سی پیک کے تحت پاکستان میں بجلی، سڑکوں کے انفراسٹرکچر، پن بجلی اور پبلک ٹرانسپورٹ سمیت مختلف شعبوں میں 25 ارب ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری ہوئی ہے۔ پیر کو یہاں چین کے نائب وزیراعظم ہی لی فینگ کی سربراہی میں چین کے اعلیٰ سطح کے وفد کے دورہ پاکستان کے موقع پر وزیراعظم ہاؤس میں دونوں ممالک کے درمیان مفاہمت کی 6 دستاویزات اور یادداشتوں پر دستخطوں کی تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چینی وفد کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ سی پیک کے 10 سال مکمل ہونے پر چین کے اعلیٰ سطح کے وفد کے دورہ پاکستان پر وہ چین کی قیادت کے شکر گزار ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج سے 10 برس قبل اس وقت کے وزیراعظم محمد نواز شریف اور چین کے صدر شی جن پنگ نے سی پیک پر دستخط کئے تھے تو معاہدے پر دستخطوں کی سیاہی خشک ہونے سے پہلے ہی عمل درآمد شروع ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سی پیک کے تحت پاکستان میں بجلی، سڑکوں کے (بقیہ نمبر 1)

سٹیٹ بینک نے مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا، شرح سود 22 فیصد برقرار

23 جون 2023 سے امپورٹ پر سے تمام پابندیاں ہٹادی ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر 8.2 ارب ڈالر ہوگئے ہیں

کراچی (خصوصی رپورٹر) سٹیٹ بینک کی جانب سے نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا گیا، شرح سود 22 فیصد پر برقرار رکھی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک نے شرح سود برقرار رکھنے کا فیصلہ مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس میں کیا، تاجر اور صنعتکار سٹیٹ بینک سے شرح (بقیہ نمبر 4)

چین کے نائب وزیر اعظم کو ہلال پاکستان سے نواز دیا گیا

تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، چیئرمین سینیٹ، وفاقی وزرا اور اعلیٰ سول و عسکری حکام موجود تھے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چین کے نائب وزیراعظم ہی لائفنگ کو ہلال پاکستان سے نواز دیا گیا۔ ایوان صدر میں چینی نائب وزیراعظم کو ہلال پاکستان دینے کی تقریب منعقد ہوئی، تقریب کے دوران صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے چینی نائب وزیراعظم ہی لائفنگ (بقیہ نمبر 3)

KPK کی نگران کابینہ صوبے میں پری پول دھاندلی کر رہی ہے، پیپلز پارٹی

باجوڑ میں ہونے والی دہشتگردی کے بعد پیپلز پارٹی نے خیبر پختونخوا کی نگران کابینہ پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) باجوڑ میں ہونے والی دہشتگردی کے بعد پیپلز پارٹی نے خیبر پختونخوا کی نگران کابینہ پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ موجودہ نگران کابینہ کے ساتھ شفاف الیکشن ممکن نہیں لہذا اسے تبدیل کیا (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

چین کے نائب وزیراعظم ہی لی فینگ نے کہا ہے کہ پاک چین دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندروں سے گہری ہے، دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی دوستانہ تعلقات ہیں

پاک چین دوستی ہمالیہ سے بلند، سمندروں سے گہری ہے، نائب وزیر اعظم ہی لی فینگ

سی پیک کی 10 سالہ تقریب میں شرکت کر کے خوشی ہوئی ہے، یہ بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کا حصہ ہے، سی پیک چین اور پاکستان کے نئے دور کا آغاز ہے، چین کے نائب وزیراعظم

ہی لی فینگ نے مزید کہا ہے کہ سی پیک دونوں ملکوں کے درمیان اہم منصوبہ ہے جس سے خطے میں سماجی ترقی کا دور شروع ہوا، سی پیک کے تحت اربن ریلوے، فائبر آپٹک سمیت مختلف منصوبوں کو عملی جامہ پہنایا گیا

پاکستان میں صنعتی ترقی کے دور کا آغاز ہوا، انڈسٹری، کلچر اور صحت کے شعبوں میں مزید تعاون کی ضرورت ہے، پاکستان اور چین کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید بڑھانے کے خواہاں ہیں

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) چین کے نائب وزیر اعظم ہی لی فینگ نے کہا ہے کہ پاک چین دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندروں سے گہری ہے، دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی دوستانہ تعلقات ہیں۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چین کے نائب وزیر اعظم نے کہا ہے کہ سی پیک کی 10 سالہ تقریب میں شرکت کر کے خوشی ہوئی ہے، یہ بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کا حصہ ہے، سی پیک چین اور پاکستان کے نئے دور کا آغاز ہے، سی پیک نے دونوں ملکوں کے باہمی مفاد کو جلا بخشی، سی پیک دونوں ملکوں کے (بقیہ نمبر 5)

مجھے نگراں یا سیاسی حکومت میں کوئی عہدہ نہیں چاہیئے۔ شبر زیدی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سابق چیئرمین فیڈرل ریونیو شبر زیدی کا کہنا ہے میں میڈیا پر کہہ چکا ہوں، مجھے نگراں یا سیاسی حکومت میں کوئی عہدہ نہیں چاہیئے۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب (بقیہ نمبر 6)

نگران حکومت پنجاب کو کام سے روکنے کے لئے درخواست دائر

90 روز گزرنے کے بعد نگراں حکومت کے تمام احکامات واقدامات غیر آئینی ہیں

لاہور (اسپیشل رپورٹر) نگران حکومت پنجاب کو کام سے روکنے کے لئے درخواست دائر کر دی گئی ہے۔ لاہور ہائی کورٹ میں سینئر قانون دان آفتاب باجوہ نے نگران پنجاب حکومت کو کام سے روکنے کے لئے درخواست دائر کی ہے جس میں محسن نقوی والیکشن کمیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا (بقیہ نمبر 7)

شعبہ صحت کی بہتری کا پلان، 28 بڑے ہسپتالوں کی تعمیر و مرمت، طبی آلات کی فراہمی پر 15 ارب روپے خرچ کئے جائیں گے

چیف سیکرٹری کی زیرصدارت اجلاس میں لاہور کے تمام سرکاری ہسپتالوں کی پارکنگ کا انتظام لاہور پارکنگ کمپنی کے حوالے کرنے کا فیصلہ

صحت، تعلیم کی بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے، ڈاکٹروں اور عملہ کی سوفیصد حاضری کو یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت

لاہور (خصوصی رپورٹر) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایت پر محکمہ صحت نے سرکاری ہسپتالوں کی بہتری کا پلان تیار کر لیا ہے جس کے تحت صوبے کے 28 بڑے ہسپتالوں کی تعمیر و مرمت اور طبی آلات کی فراہمی پر 15 ارب روپے خرچ کئے جائیں گے۔ سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کے دوران محکمہ صحت کے حکام نے چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کو پلان پر عملدرآمد سے متعلق بریفنگ دی۔ اجلاس میں سرکاری ہسپتالوں میں (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: تشدد، انتہاپسندی روک تھام بل پر پیپلز پارٹی نے عدم اعتماد کا اظہار کر دیا

پاکستان کے معاشی اشاریے بہتری کی جانب گامزن ہیں، اسحاق ڈار

یقین ہے کہ ملکی معیشت جلد مستحکم ہو جائے گی، سی پیک ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کا ذریعہ بنے گا

بینک آف چائنہ اور پاکستان کے درمیان تعاون جاری رہے گا، دونوں ممالک کی دوستی مزید مضبوط ہونے سے پاکستان ترقی کرے گا

اسلام آباد (خبرنگار) اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ پاکستان کے معاشی اشاریے بہتری کی جانب گامزن ہیں، یقین ہے کہ ملکی معیشت جلد مستحکم ہو جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے اسلام آباد میں بینک آف چائنہ برانچ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 8)

تھانہ گوجرخان کی حدود میں چوری ڈکیت ایک بار پھر اپنی دھاک جمانے لگے

رات کی تاریکی میں چور الیکٹرک شاپ کے تالے توڑ کر 22 لاکھ کا سامان لے اڑے

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان کی حدود میں گزشتہ 72 گھنٹوں میں دوران چوری ڈکیتی کی 2 بڑی وارداتیں گزشتہ رات نامعلوم چور دکان کے تالے توڑ کر (بقیہ نمبر 14)

سینٹر فار ایرو سپیس اینڈ سیکیورٹی سٹڈیز (CASS) اسلام آباد نے ایک ممتاز چینی وفد کی میزبانی کی

سفیر جلیل عباس جیلانی، سابق سیکرٹری خارجہ اور صدر CASS کے مشیر نے گول میز کانفرنس کی نظامت کی

شنگھائی انسٹی ٹیوٹ فار انٹرنیشنل سٹڈیز (SIIS)، چائنا انسٹی ٹیوٹ آف کنٹیمپریری انٹرنیشنل ریلیشنز کے اسکالرز شامل تھے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، اسلام آباد، نے ایک ممتاز چینی وفد کی میزبانی کی جس میں شنگھائی انسٹی ٹیوٹ فار انٹرنیشنل اسٹڈیز (SIIS)، چائنا انسٹی ٹیوٹ آف کنٹیمپریری انٹرنیشنل ریلیشنز (CICIR) (اور سچوان اکیڈمی آف سوشل سائنسز SASS) (کے اسکالرز شامل تھے۔ SIIS کے ڈائریکٹر ڈاکٹر لیو ذونگ ء کی قیادت میں وفد میں CICIR کے ڈپٹی ڈائریکٹر اور ایسوسی ایٹ ریسرچ پروفیسر ڈاکٹر وانگ شیدا؛ مسٹر یوآن جیان من، حکومت سنکیانگ کے خود مختار علاقے کے مشیر؛ اور ڈاکٹر لی جنگ فینگ، SASS کے علاقائی اور اسٹریٹجک ریسرچ آفس کے ڈائریکٹر شامل تھے۔ اس گول میز کانفرنس نے پاکستان چین تعلقات پر تفصیلی بات چیت کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کیا جس میں عالمی تناظر میں (بقیہ نمبر 12)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF PAKISTAN
اسلام آباد: مقررہ مدت میں انتخابات کروانے کیلئے تیار ہیں: الیکشن کمیشن

اے سی میاں مراد حسین کا اراضی ریکارڈ سنٹر کا دورہ سائلین سے فرداً فرداً ملاقات کی

سروس سنٹر انچارج اور ADLR کو عوام الناس کو ترجیحی بنیادوں پر سروس فراہم کرنے کی ہدایات

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نے گوجرخان آراضی ریکارڈ سنٹر کا دورہ کیا اور سائلین سے فرداً فرداً گوجرخان کو دی جانے والی سروسز کے متعلق دریافت کیا انہوں نے ٹوکن کاؤنٹر شکایت بوتھ ٹیلی فون کو بھی چیک کیا اے سی گوجرخان نے (بقیہ نمبر 9)

چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان سے معصوم بچی رضوانہ کے تشدد کیس میں سوموٹو نوٹس لینے کی اپیل کرتی ہوں، سارہ احمد

لاہور (سٹاف رپورٹر) تشدد کا شکار گھریلو ملازمہ رضوانہ کے حوالے سے چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ جنرل ہسپتال میں زیر علاج تشدد کا شکار بچی رضوانہ کی طبیعت بگڑ گئی ہے۔ چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان سے اس کیس میں سوموٹو نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تشدد کا شکار معصوم بچی (بقیہ نمبر 11)

نگران وزیراعظم کیلئے 3 نام تجویز کروں گا، راجہ ریاض

کوشش ہے تجویز کردہ ناموں میں ماہر معیشت، سیاستدان اور ٹیکنوکریٹ شامل ہوں

لاہور (نیوز رپورٹر) راجہ ریاض کا کہنا ہے کہ نگران وزیراعظم کیلئے 3 نام تجویز کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق نگران وزیراعظم کیلئے اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی راجہ ریاض کی مشاورت جاری ہے، راجہ ریاض اپوزیشن ارکان سے مزید مشاورت بدھ کو کریں گے۔ اپوزیشن لیڈر نگران وزیراعظم کے نام کے (بقیہ نمبر 10)

نگران وزیر اعظم کیلئے ہمارے تجویز کردہ ناموں میں کوئی بیوروکریٹ شامل نہیں، خواجہ آصف

9 اگست کو اسمبلیاں تحلیل ہونے کی تاریخ مقرر ہے، نگران حکومت بننے کے 90 روز کے اندر انتخابات ہوں گے

نگران وزیراعظم کیلئے پیپلز پارٹی سے 4 روز قبل میٹنگ ہوئی، میٹنگ میں 4 سے 5 ناموں پر اتفاق ہوا، وزیر دفاع

اسلام آباد (خبرنگار) خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ ن لیگ کی جانب سے نگران وزیراعظم کیلئے تجویز کردہ ناموں میں کوئی بیوروکریٹ شامل نہیں ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر دفاع خواجہ نے کہا ہے کہ نگران وزیراعظم کیلئے پیپلز پارٹی سے 4 روز قبل میٹنگ ہوئی، میٹنگ میں 4 سے 5 ناموں (بقیہ نمبر 17)

سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، اسلام آباد، نے ایک ممتاز چینی وفد کی میزبانی کی

جے یو آئی ورکرز کنونشن میں دہشت گردی الیکشن ملتوی کروانے کی سازش، پیر محفوظ مشہدی

لاہور (جنرل رپورٹر) جمعیت علمائے پاکستان (سواد اعظم) کے سربراہ پیر سید محمد محفوظ مشہدی اور سیکرٹری جنرل پیر محمد اقبال شاہ نے جے یو آئی کے باجوڑ ورکرز کنونشن میں ہونے والا بم دھماکے (بقیہ نمبر 16)

جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیخلاف توہین عدالت کی درخواست خارج

چیف جسٹس پاکستان نے ریاض حنیف راہی کی درخواست واپس لینے کی استدعا منظور کر لی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیخلاف توہین عدالت کی درخواست خارج کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال نے جسٹس قاضی (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: چین کے نائب وزیراعظم کو ہلال پاکستان سے نواز دیا گیا

ہر پارٹی کی جیب میں نگران وزیراعظم موجود لیکن بائیومیٹرک نہیں ہو رہا، شیخ رشید

لاہور (جنرل رپورٹر) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ و سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ نگران وزیراعظم ہر پارٹی کی جیب میں موجود ہے لیکن بائیو میٹرک نہیں ہو رہا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک پیغام میں شیخ رشید نے کہا کہ 8 روز میں صرف ترقیوں تبدیلیوں تعیناتیوں اور تختیاں (بقیہ نمبر 18)

عمران خان کی 342 کا بیان ملتوی کرنے کی درخواست مسترد

عدالت کی عمران خان کو آخری مہلت، آج صبح نو بجے بیان ریکارڈ کرانے کے طلب کر لیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سیشن عدالت نے توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی 342 کا بیان ملتوی کرنے کی درخواست مسترد کر دی۔ تفصیلات کے مطابق توشہ خانہ کیس میں جج ہمایوں دلاور نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو 3 بجے تک 342 کا بیان ریکارڈ کرانے کی مہلت دی تھی۔ سیشن عدالت میں توشہ خانہ کیس کی سماعت وقفے کے بعد دوبارہ شروع ہوئی تو عمران خان کی جانب سے 342 بیان کی کارروائی ملتوی کرنے کے لیے درخواست دائر کی گئی تھی، عدالت نے عمران خان کی کیس ملتوی کرنے کی درخواست منظور کر لی۔ عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کو آخری مہلت دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 19)

پنجاب میں غیر قانونی تعمیرات کے دھندے میں ملوث محکمہ بلدیات کے افسران کے گرد گھیرا تنگ

عامر میر نے غیر قانونی تعمیرات میں ملوث محکمہ بلدیات کے کرپٹ افسران کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا

جن علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات ثابت ہوں وہاں کے بلڈنگ آفیسرز اور زونل آفیسرز پلاننگ کو فوری بلیک لسٹ کر دیا جائے

لاہور (خصوصی رپورٹر) وزیر اطلاعات و بلدیات پنجاب عامر میر نے غیر قانونی تعمیرات میں ملوث محکمہ بلدیات کے کرپٹ افسران کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا ہے۔ صوبائی وزیر نے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو ہدایت کی ہے کہ وہ ایسے تمام راشی افسران کی نشاندہی کریں اور جن علاقوں (بقیہ نمبر 20)

عبدالقادر پٹیل کا باجوڑ دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی وزیر قومی صحت عبدالقادر پٹیل نے باجوڑ دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزارت صحت کی طرف سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین (بقیہ نمبر 27)

ڈھوک حیات علی میں صفائی کی ابتر صورتحال، اداروں کے کانوں پر جوں نہ رینگی

مسئلہ اگر حل نہ کیا گیا تو اہلیان علاقہ گندگی کے ڈھیر خود اٹھا کر بلدیہ گوجرخان منتقل کریں گے: حاجی چوہدری محمد اقبال

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ڈبلیو ایم سی عملے کی جانب سے ڈھوک حیات علی اور گرد و نواح میں صفائی ستھرائی نہ کرنے کی بنا پر ایریا میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر جمع ہو (بقیہ نمبر 28)

باجوڑ دھماکہ، شواہد ڈی این اے کے لئے بھجوا دیئے ہیں، آئی جی خیبر پختونخوا

دھماکے والی جگہ اور اطراف سے سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کر کے اس کی چھان بین کا عمل جاری ہے

پشاور (اسپیشل رپورٹر) آئی جی خیبر پختونخوا نے کہا ہے کہ باجوڑ دھماکے کے شواہد ڈی این اے کے لئے بھجوا دیئے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے آئی جی خیبر پختونخوا پولیس اختر حیات خان نے کہا ہے کہ باجوڑ دھماکے کے شواہد ڈی این اے کے لئے بھجوا دیئے ہیں، جائے وقوعہ کی جیو فینسنگ کی گئی ہے، بم ڈسپوزل یونٹ نے نمونے حاصل کر لئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دھماکے والی جگہ اور اطراف سے (بقیہ نمبر 26)

شہریار آفریدی کی نظر بندی میں توسیع، بھائی فرخ آفریدی بھی زیر حراست

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) سابق وفاقی وزیر شہریار آفریدی کی نظر بندی میں مزید توسیع کر دی گئی جب کہ ان کے بھائی فرخ آفریدی کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے۔ عدالتی احکامات کے باوجود سابق وفاقی وزیر شہریار آفریدی کی اڈیالہ (بقیہ نمبر 23)

براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں 25 فیصد کمی تشویشناک

پاکستان کو 3 سال میں 42.87 ارب ڈالر کی بیرونی سرمایہ کاری درکار ہے، خرم الیاس

لاہور (خبرنگار) چیئرمین ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن میاں خرم الیاس نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ان اعداد وشمار پر تشویش کا اظہار کیا ہے جس کے مطابق پاکستان میں براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں 25 فیصد کمی ہوئی ہے۔ مالی سال 2023 میں بیرون سرمایہ کاری کا حجم 1.456 ارب ڈالر رہا جو مالی سال 2022 کے مقابلہ میں 25 فیصد کم ہے۔ مالی سال 2022 میں پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری کا حجم 1.936 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ آئی ایم ایف سے 3 ارب (بقیہ نمبر 21)

موجودہ حکومت نے ملک میں 5063 میگاواٹ نئی بجلی سسٹم میں شامل کی ہے، خرم دستگیر

تھر کے کوئلے سے 1980 میگاواٹ بجلی کی پیداوار کا آغاز ہوا جو ملکی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ہے

وزیراعظم نے 1263 میگاواٹ کا افتتاح کیا جبکہ سابقہ حکومت نے مجرمانہ غفلت کر کے اس منصوبے کو تاخیر کا شکار کیا


لاہور: قائد ن لیگ نواز شریف کی لندن سے آمد پر وطن واپسی کا اعلان متوقع

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی وزیر توانائی انجینئر خرم دستگیر خان نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے ملک میں 5063 میگاواٹ نئی بجلی سسٹم میں شامل کی ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے 1263 میگاواٹ کا افتتاح کیا جبکہ سابقہ حکومت نے مجرمانہ غفلت کر کے اس منصوبے کو تاخیر کا شکار کیا۔ پیر کے روز پریس کانفرنس کرتے ہوئے خرم دستگیر نے کہا کہ تھر کے کوئلے سے 1980 میگاواٹ بجلی کی پیداوار کا آغاز ہوا جو ملکی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ شنگھائی الیکٹرک، کروٹ اور کراچی میں بھی بجلی پیداوار کے منصوبوں کا آغاز ہوا جس سے بجلی کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوا۔ انہوں (بقیہ نمبر 29)

حاجی اشرف، راجہ ارسلان انجم، راجہ سعید انجم کی رہائش گاہ پر کارنر میٹنگ کا انعقاد

ماسٹر چوہدری اعظم کی میٹنگ میں شرکت اور ترقیاتی کام کروانے کی یقین دہانی

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ہر دور حکومت کی طرح موجودہ دور حکومت میں بھی سابق وزیراعظم و اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں کے پروجیکٹس تحصیل گوجرخان کو دیے مگر بڑکی چوہان کو ایک بار پھر نظر انداز کر دیا گیا جس بنا پر اہلیان بڑکی چوہان نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ بیشتر گلیاں اور روڈیں ہم نے اپنی مدد آپ کے تحت بنائی ہیں مگر جو بیشتر رہتی ہیں جو بھی پارٹی بڑکی چوہان کے بنیادی مسائل جن میں سیوریج، خستہ حال گلیاں اور دیگر ترقیاتی کام کروائے (بقیہ نمبر 31)

سندھ میں تیل وگیس کے کنوؤں سے اضافی ذخائر دریافت

او جی ڈی سی ایل کے مطابق ٹنڈالہ یار 585 بیرل یومیہ اضافی تیل برآمد ہو رہا ہے

وزارت توانائی کا کہنا تھا کہ اس دریافت کا اندازہ گزشتہ ایک دہائی میں سب سے بڑا قرار دیا جا رہا ہے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سندھ میں تیل و گیس کے کنوؤں سے اضافی ذخائر دریافت کر لیے گئے۔ ٹنڈالہ یار، سانگھڑ اور حیدر آباد میں تیل و گیس کے ذخائر دریافت کیے گئے۔ ایک کروڑ 59 لاکھ کیوبک فٹ اضافی گیس کے ذخائر دریافت کیے گئے۔ او جی ڈی سی ایل نے کنگ ایچ ٹیکنالوجی سے ذخائر دریافت کیے۔ تین کنوؤں سے 2 ہزار 665 بیرل یومیہ تیل دریافت ہوگا۔ اضافی ذخائر سے 51 میٹرک ٹن یومیہ ایل پی جی حاصل ہو رہی ہے۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق ٹنڈالہ (بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی پولیس کے کانسٹیبل ارشاد احمد حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے خالق حقیقی سے جا ملے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کے کانسٹیبل ارشاد احمد حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے خالق حقیقی سے جا ملے، إِنَّا لِلَّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، نماز جنازہ انکے آبائی علاقہ میں ادا کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے (بقیہ نمبر 24)

لاہور پولیس کی اشتہاری و عادی مجرمان اور عدالتی مفروران کے خلاف کارروائیاں جاری

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور پولیس نے رواں سال 11256 اشتہاری ملزمان، 24818 عدالتی مفروروں اور 10990 عادی مجرمان گرفتار کئے ہیں۔ ایک بیان میں سی سی پی او لاہور بلال (بقیہ نمبر 25)

شازیہ مری کا رورل ہیلتھ سینٹر جام نواز علی، سندھ میں قائم بینظیر نشوونما سینٹر کا دورہ

موجودہ حکومت نے سیلاب زدگان میں بروقت 70 ارب روپے تقسیم کئے

سانگھڑ (جنرل رپورٹر) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ شازیہ مری نے عالمی بینک اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے نمائندگان کے ہمراہ آج صوبہ سندھ کے رورل ہیلتھ سینٹر جام نواز علی میں قائم بینظیر نشوونما سینٹر کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر شازیہ مری نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے ہمیشہ غریب عوام کی فلاح بہبود کے لئے اچھے پروگرام مرتب کیے جاتے رہے ہیں۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے تعاون سے بینظیر (بقیہ نمبر 22)

کراچی: نسلہ ٹاور کیس: سابق ڈی جی ایس بی سی اے منظور قادر گرفتار

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

شاہینوں کی تاریخی کامیابی

پاکستان کرکٹ ٹیم نے سری لنکا کو کولمبو ٹیسٹ میچ میں ایک اننگز اور 222 رنز سے ہرا کر دو میچوں کی سیریز میں وائٹ واش کر دیا ہے۔ پاکستان نے ٹیسٹ کرکٹ میں 2021 کے بعد پہلی ٹیسٹ سیریز جیتی ہے، آخری مرتبہ شاہینوں نے بنگلہ دیش کو نومبر 2021 میں دو، صفر سے ہرایا تھا۔ میچ کے چوتھے روز سپنر نعمان علی نے سری لنکا کی بیٹنگ لائن کو تہس نہس کرتے ہوئے سات کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی جبکہ آخری تین کھلاڑی نوجوان فاسٹ بالر نسیم شاہ نے آٹ کئے۔ یاد رہے کہ دوسرے ٹیسٹ کا تیسرا روز بارش کی نظر ہو گیا تھا اور سری لنکن ٹیم پہلی اننگز میں 166 رنز بنا سکی تھی جس کے جواب میں پاکستان نے پہلی اننگز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر 576 رنز بنائے۔ نوجوان اوپنر عبداللہ شفیق نے ڈبل سنچری سکور کی جبکہ آغا سلمان نے 132 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ عبداللہ شفیق کو مین آف دی میچ کے اعزاز سے نوازا گیا جبکہ آغا سلمان کو سیریز میں شاندار کارکردگی پر مین آف دی سیریز قرار دیا گیا۔ سری لنکا کو ہوم گراؤنڈ میں وائٹ واش کر کے پاکستان سری لنکن سرزمین پر سب سے زیادہ ٹیسٹ جیتنے والا ملک بھی بن گیا ہے۔ ایشیا کپ اور ورلڈ کپ سے پہلے پاکستان کی یہ فتح اس لئے اہم ہے کہ اس سے شاہینوں کو مستقبل میں ہونے والے سخت مقابلوں میں اعتماد حاصل ہوگا۔ ملک سے باہر جیتی ہوئی سیریز اس لئے بھی قابل ذکر ہوتی ہے کہ ٹیم دوسرے ملک کی تیار کی گئی وکٹوں اور ماحول میں اپنی کارکردگی منواتی ہے۔ سری لنکا کے خلاف پاکستانی ٹیم ایک عرصے کے بعد مکمل اتحاد اور فتح کے جذبے سے سرشار نظر آئی ہے۔ پہلے ٹیسٹ میں کئی نازک موڑ آئے لیکن پاکستانی نوجوان کھلاڑیوں نے مضبوط اعصاب اور مکمل مہارت کا مظاہرہ کیا۔ کرکٹ کے پنڈتوں کے مطابق بابر اعظم نے بروقت درست اور نتیجہ خیز فیصلے کیے۔ پاکستانی شاہینوں نے آنے والے دو ٹورنامنٹوں سے قبل سیریز جیت کر خود کو مضبوط حریف کے طور پر متعارف کرا دیا ہے۔ ٹیم اگر اسی طرح متحد ہو کر کھیلتی رہی تو مزید کامیابیاں اس کے قدم چومیں گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم نے سری لنکا کو کولمبو ٹیسٹ میچ میں ایک اننگز اور 222 رنز سے ہرا کر دو میچوں کی سیریز میں وائٹ واش کر دیا ہے۔ پاکستان نے ٹیسٹ کرکٹ میں 2021 کے بعد پہلی ٹیسٹ سیریز جیتی ہے، آخری مرتبہ شاہینوں نے بنگلہ دیش کو نومبر 2021 میں دو، صفر سے ہرایا تھا۔ میچ کے چوتھے روز سپنر نعمان علی نے سری لنکا کی بیٹنگ لائن کو تہس نہس کرتے ہوئے سات کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی جبکہ آخری تین کھلاڑی نوجوان فاسٹ بالر نسیم شاہ نے آٹ کئے۔ یاد رہے کہ دوسرے ٹیسٹ کا تیسرا روز بارش کی نظر ہو گیا تھا اور سری لنکن ٹیم پہلی اننگز میں 166 رنز بنا سکی تھی جس کے جواب میں پاکستان نے پہلی اننگز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر 576 رنز بنائے۔ نوجوان اوپنر عبداللہ شفیق نے ڈبل سنچری سکور کی جبکہ آغا سلمان نے 132 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ عبداللہ شفیق کو مین آف دی میچ کے اعزاز سے نوازا گیا جبکہ آغا سلمان کو سیریز میں شاندار کارکردگی پر مین آف دی سیریز قرار دیا گیا۔ سری لنکا کو ہوم گراؤنڈ میں وائٹ واش کر کے پاکستان سری لنکن سرزمین پر سب سے زیادہ ٹیسٹ جیتنے والا ملک بھی بن گیا ہے۔ ایشیا کپ اور ورلڈ کپ سے پہلے پاکستان کی یہ فتح اس لئے اہم ہے کہ اس سے شاہینوں کو مستقبل میں ہونے والے سخت مقابلوں میں اعتماد حاصل ہوگا۔ ملک سے باہر جیتی ہوئی سیریز اس لئے بھی قابل ذکر ہوتی ہے کہ ٹیم دوسرے ملک کی تیار کی گئی وکٹوں اور ماحول میں اپنی کارکردگی منواتی ہے۔ سری لنکا کے خلاف پاکستانی ٹیم ایک عرصے کے بعد مکمل اتحاد اور فتح کے جذبے سے سرشار نظر آئی ہے۔ پہلے ٹیسٹ میں کئی نازک موڑ آئے لیکن پاکستانی نوجوان کھلاڑیوں نے مضبوط اعصاب اور مکمل مہارت کا مظاہرہ کیا۔ کرکٹ کے پنڈتوں کے مطابق بابر اعظم نے بروقت درست اور نتیجہ خیز فیصلے کیے۔ پاکستانی شاہینوں نے آنے والے دو ٹورنامنٹوں سے قبل سیریز جیت کر خود کو مضبوط حریف کے طور پر متعارف کرا دیا ہے۔ ٹیم اگر اسی طرح متحد ہو کر کھیلتی رہی تو مزید کامیابیاں اس کے قدم چومیں گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم نے سری لنکا کو کولمبو ٹیسٹ میچ میں ایک اننگز اور 222 رنز سے ہرا کر دو میچوں کی سیریز میں وائٹ واش کر دیا ہے۔ پاکستان نے ٹیسٹ کرکٹ میں 2021 کے بعد پہلی ٹیسٹ سیریز جیتی ہے، آخری مرتبہ شاہینوں نے بنگلہ دیش کو نومبر 2021 میں دو، صفر سے ہرایا تھا۔ میچ کے چوتھے روز سپنر نعمان علی نے سری لنکا کی بیٹنگ لائن کو تہس نہس کرتے ہوئے سات کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی جبکہ آخری تین کھلاڑی نوجوان فاسٹ بالر نسیم شاہ نے آٹ کئے۔ یاد رہے کہ دوسرے ٹیسٹ کا تیسرا روز بارش کی نظر ہو گیا تھا اور سری لنکن ٹیم پہلی اننگز میں 166 رنز بنا سکی تھی جس کے جواب میں پاکستان نے پہلی اننگز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر 576 رنز بنائے۔ نوجوان اوپنر عبداللہ شفیق نے ڈبل سنچری سکور کی جبکہ آغا سلمان نے 132 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ عبداللہ شفیق کو مین آف دی میچ کے اعزاز سے نوازا گیا جبکہ آغا سلمان کو سیریز میں شاندار کارکردگی پر مین آف دی سیریز قرار دیا گیا۔ سری لنکا کو ہوم گراؤنڈ میں وائٹ واش کر کے پاکستان سری لنکن سرزمین پر سب سے زیادہ ٹیسٹ جیتنے والا ملک بھی بن گیا ہے۔ ایشیا کپ اور ورلڈ کپ سے پہلے پاکستان کی یہ فتح اس لئے اہم ہے کہ اس سے شاہینوں کو مستقبل میں ہونے والے سخت مقابلوں میں اعتماد حاصل ہوگا۔ ملک سے باہر جیتی ہوئی سیریز اس لئے بھی قابل ذکر ہوتی ہے کہ ٹیم دوسرے ملک کی تیار کی گئی وکٹوں اور ماحول میں اپنی کارکردگی منواتی ہے۔ سری لنکا کے خلاف پاکستانی ٹیم ایک عرصے کے بعد مکمل اتحاد اور فتح کے جذبے سے سرشار نظر آئی ہے۔ پہلے ٹیسٹ میں کئی نازک موڑ آئے لیکن پاکستانی نوجوان کھلاڑیوں نے مضبوط اعصاب اور مکمل مہارت کا مظاہرہ کیا۔ کرکٹ کے پنڈتوں کے مطابق بابر اعظم نے بروقت درست اور نتیجہ خیز فیصلے کیے۔ پاکستانی شاہینوں نے آنے والے دو ٹورنامنٹوں سے قبل سیریز جیت کر خود کو مضبوط حریف کے طور پر متعارف کرا دیا ہے۔ ٹیم اگر اسی طرح متحد ہو کر کھیلتی رہی تو مزید کامیابیاں اس کے قدم چومیں گی۔

تارکین وطن نہیں مانتے؟

محسن گوارایہ

میں اکثر سوچتا ہوں کہ پاپولزم کیا ہے اور کیا کسی سیاسی لیڈر یا اس کے نظریے کے ساتھ ہم آہنگی اور وابستگی کے اظہار ہی کو پاپولزم کا نام دیا جائے گا یا لوگوں میں کسی لیڈر کی سوچ یا پارٹی کے منشور سے گریز کو بھی اسی زمرے میں شامل کیا جا سکتا ہے، اسی طرح کیا سیاسی لیڈر یا سیاسی جماعت سے ہٹ کر کسی ملک میں رونما ہونے والی کسی صورت حال کے بارے میں عوام کی اجتماعی سوچ میں پیدا ہونے والی تبدیلی کو بھی ہم پاپولزم ہی کا نام دیں گے؟ اس تناظر میں نو مئی کے واقعات کے بعد پی ٹی آئی میں پیدا ہونے والی ٹوٹ پھوٹ کو کیا نام دیا جائے گا اور دوسری طرف جو لوگ اس ساری صورت حال کو منصوبہ بندی عمل کا نتیجہ قرار دے رہے ہیں انہیں کس خانے میں ڈالا جائے گا؟

عمومی طور پر پاپولزم کی اصطلاح سے مراد ایک ایسا سیاسی نظریہ ہے جو اشرافیہ پر عام لوگوں کی ضروریات اور مفادات کو ترجیح دیتا ہے، عوامی تحریکیں عام طور پر معاشی عدم مساوات، سیاسی بدعنوانی، اور سماجی ناانصافی جیسے مسائل کو بنیاد بنا کر چلائی جاتی ہیں اور بعض اوقات قانون کی حکمرانی کو نظر انداز کرنے جیسے معاملات کو بھی اس میں شامل کر لیا جاتا ہے، ایوب خان کی حکومت کے خلاف پیپلز پارٹی کی تحریک، ستر کی دہائی کے آخری سالوں میں عام انتخابات کے بعد پیپلز پارٹی کے خلاف قومی اتحاد کی تحریک نظام مصطفیٰ اور بدعنوانی کے خلاف پی ٹی آئی کی تحریک کو اس سلسلے میں مثال کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان کی سیاست میں پاپولزم کی ایک تاریخ ہے، جس میں پاپولسٹ رہنما اپنے آپ کو عوامی ضروریات اور مفادات کے چیمپئن کے طور پر پیش کر کے اور اشرافیہ پر تنقید کو بنیاد بنا کر عوام میں مقبولیت حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں لیکن کیا 1960 اور 70 کی دہائیوں میں پیپلز پارٹی اور حال ہی میں پی ٹی آئی کی مقبولیت کو بھی اسی کھاتے میں ڈالا جا سکتا ہے؟ تب پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو اور 2018 کے عام انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سربراہ کا اقتدار میں آنا پاکستان میں پاپولزم کی دو اہم مثالیں ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ اس کے بعد جب ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دی گئی یا اب پی ٹی آئی کے سربراہ کو ان کے اپنے اقدامات کی وجہ سے تنہائی کا شکار ہونا پڑ رہا ہے تو یہ عوامی مقبولیت ان کے کام کیوں نہیں آئی؟ اسی سے منسلک سوال یہ ہے کہ تمام تر تبدیلیوں کے باوجود کیا دونوں رہنماؤں کی عوامی مقبولیت اب بھی قائم ہے؟ کیا مستقبل میں اس کا اظہار ہو سکتا ہے؟ 9 مئی کے روز جو واقعات رونما ہوئے، جس طرح جی ایچ کیو کو نشانہ بنایا گیا اور جس انداز میں جناح ہاس یعنی کور کمانڈر ہاس لاہور کو نذر آتش کیا گیا اس کے بعد پی ٹی آئی میں ٹوٹ پھوٹ کا جو عمل شروع ہوا تھا وہ اب تک جاری ہے، ایسے ایسے راہنما اور طاقتور وزرا جنہوں نے عمران خان کے ساتھ جینے مرنے کی قسمیں کھائی تھیں اور جو ان کے خلاف کسی بھی اقدام کی راہ میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار بننے کے نعرے لگاتے نہیں تھکتے تھے وہ ایک ایک کر کے ان کا ساتھ چھوڑتے جا رہے ہیں اور عمران خان کی تنہائی میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔

پاکستان کی سیاسی تاریخ کوئی زیادہ روشن نہیں ہے، پی ٹی آئی کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ کوئی نئی یا انوکھی بات نہیں ہے، ایسے واقعات پچھلی دہائیوں اور گزشتہ برسوں میں مقبول جماعتوں کو غیر مقبول بنانے کے لئے پہلے بھی سامنے آتے رہے ہیں، ضیاالحق کے دور میں پیپلز پارٹی کو غیر مقبول کرنے کی کوششیں کی گئیں، پرویز مشرف کے دور میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی دونوں کے ارکان توڑے گئے اور قاف لیگ بنائی گئی، مسلم لیگ (ن) کے تیسرے دورِ حکومت کو جس طرح ناکام اور نواز شریف کو غیر مقبول بنانے کی جو کوششیں کی گئیں وہ تو ابھی کل کی بات ہے۔ ضیاالحق کے دور میں یہ کہا جاتا تھا کہ پیپلز پارٹی بھٹو کے ساتھ ہی ختم ہو گئی، پرویز مشرف نے قاف لیگ بنا کر انہیں کہا تھا کہ نواز شریف اور بے نظیر بھٹو اب قصہ ماضی ہیں مگر سب نے دیکھا کہ انہیں ختم کرنے کی باتیں کرنے والے خود ختم ہو گئے مگر یہ جماعتیں اب بھی بڑی اور مقبول جماعتیں ہیں۔ معذرت کے ساتھ کہوں گا کہ مقبول معروف اور ہر دلعزیز سیاسی جماعتوں اور لیڈروں کو غیر مقبول بنانے کا معاملہ آمرانہ ادوار میں ہی نہیں ہوا یہ سلسلہ جمہوری ادوار میں بھی جاری رہا ہے، ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے اور غیر سیاسی قوتوں کو سیاسی ایشوز میں مداخلت کی دعوت دینے کے معاملات سیاسی اور جمہوری ادوار میں ہی چلتے رہے، کیا مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی میثاق جمہوریت طے پانے سے پہلے ایک دوسرے کی ٹانگیں نہیں کھینچتی رہیں ایک دوسرے کی حکومتوں کو ناکام بنانے کی کوششیں نہیں کرتی رہی تھیں؟

میں ان دنوں کینیڈا میں ہوں اور یہاں مقیم پاکستانی تارکین وطن کی باتیں سن رہا ہوں، وہ مجھ سے پاکستان کے حالات کے بارے میں پوچھتے ہیں، میرا تبصرہ مانگتے ہیں، مجھ سے کہتے ہیں کہ ہمارے وطن میں کیا ہوا؟ کیا ہو رہا ہے؟ کیا ہونے والا ہے؟ کیا پاکستان سیاسی اور معاشی مسائل کے بھنور سے نکل آئے گا؟ کیا ہم کبھی حقیقی ترقی سے بھی ہمکنار ہو سکیں گے؟ میں انہیں کیا بتاں کہ حالات کیا ہیں اور اصل معاملات کیا ہیں؟ بہرحال میں انہیں بتاتا ہوں کہ فوج ہمارے ملک کا دوسرا نام ہے اور یہ ہماری جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے، میں انہیں یہ بھی بتاتا ہوں کہ کور کمانڈر ہاس اور دوسری ایسی حساس جگہوں پر حملے اچھی بات نہیں تھی اگر پی ٹی آئی کے لوگوں نے اپنے غصے کا اظہار کرنا تھا تو وہ سیاسی لوگوں سے اپنا حساب چکتا کرتے اور عام لوگوں پر تشدد کے بجائے پرامن راستہ اپناتے تو زیادہ بہتر تھا، سیاسی مسائل کا حل سیاسی انداز میں ہی تلاش کیا جانا چاہئے، ان معاملات میں دوسرے اداروں کو ملوث کرنا اور ان کی تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی طور مناسب نہیں ہے، مگر لوگ نہیں مانتے وہ ان سارے معاملات کو ایک سازش قرار دیتے ہیں، کاش کوئی انہیں سمجھائے کہ حقائق کیا ہیں؟ ایک پرانی پاکستانی فلم بہن بھائی میں احمد رشدی کا گایا ہوا ایک گیت یاد آ رہا ہے: کاش کوئی مجھ کو سمجھاتا میری سمجھ میں کچھ نہیں آتا۔ اس کے ساتھ ہی ایک سوچ اور بھی ذہن میں ابھرتی ہے، یہ کہ جو لوگ نہیں مانتے ان کو پاپولزم کی لہر کا حصہ قرار دیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اگر عوام میں مقبولیت کا نام ہی پاپولزم ہے تو یہ مقبولیت کسی اور انداز کی بھی تو ہو سکتی ہے، مناسب ہے یہ معاملہ وقت پر چھوڑ دیا جائے، وقت ہی فیصلہ کرے گا کہ حقیقت کیا ہے، فسانہ کیا ہے، پاکستان میں اگلے الیکشن کی باتیں ہو رہی ہیں مگر تارکین وطن تو پاکستان میں ہونے والی پچھلی تبدیلی کو ہی نہیں مانتے۔ میں انہیں یہ بھی بتاتا ہوں کہ کور کمانڈر ہاس اور دوسری ایسی حساس جگہوں پر حملے اچھی بات نہیں تھی اگر پی ٹی آئی کے لوگوں نے اپنے غصے کا اظہار کرنا تھا تو وہ سیاسی لوگوں سے اپنا حساب چکتا کرتے اور عام لوگوں پر تشدد کے بجائے پرامن راستہ اپناتے تو زیادہ بہتر تھا، سیاسی مسائل کا حل سیاسی انداز میں ہی تلاش کیا جانا چاہئے، ان معاملات میں دوسرے اداروں کو ملوث کرنا اور ان کی تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی طور مناسب نہیں ہے، مگر لوگ نہیں مانتے۔

صبر کیا ہے؟

میاں وقاص شہزادہ

صبر کیا ہے؟ مصائب و آلام، مصیبتوں اور پریشانیوں پر شکوہ کو ترک کر دینا صبر ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ صبر کرنا مشکل کام ہے کیونکہ اس میں مشقت اور کڑواہٹ پائی جاتی ہے۔ صبر کی اس تلخی کو ختم کرنے کے لئے ایک اور صبر کرنا پڑتا ہے جسے مصابرہ کہتے ہیں۔ جب بندہ مصابرہ کے درجے پر پہنچتا ہے تو پھر صبر کرنے میں بھی لذت محسوس کرتا ہے۔ آج کا انسان دین سے دوری کی وجہ سے رب تعالی کی حضوری، ایمان بالغیب یعنی مرنے کے بعد کی دنیا، قیامت، یومِ حساب اور جنت و دوزخ وغیرہ کے بارے میں بے یقینی کا شکار ہونے کی وجہ سے اپنا سب کچھ اس دنیا میں پورا کرنا چاہتا ہے۔

اگر ہم خالق کائنات کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق اس دنیا میں صبر سے کام لیں تو ہمارے زیادہ تر مسائل خود بخود ہی حل ہو جائیں گے، کیونکہ انسان معاشرے یا خاندان میں جس بھی حیثیت یا عہدے پر ہے، ضروری نہیں کہ وہاں سب کچھ ویسا ہی ہو رہا ہو جیسا وہ چاہتا ہے۔ جب کوئی کام انسان کی مرضی و منشا کے خلاف سرزد ہو تو یقیناً انسان غصے میں آتا ہے اور بعض اوقات غصے سے مغلوب ہو کر اس سے کچھ ایسی حرکات سرزد ہو جاتی ہیں جو اس کی شخصیت کو داغ دار بنا دیتی ہیں۔

گویا گھر کے ایک عام فرد سے لے کر معاشرے کے ایک اہم رکن تک اور کسی بھی ادارے کے ایک عام آفس بوائے سے لے کر اس ادارے کے سربراہ تک ہر شخص کو خلافِ طبع و خلافِ معمول امور کا سامنا کرنا پڑتا ہے، مگر کامیاب اس شخص کو گردانا جاتا ہے جس کی پریشانیوں سے دوسرے آگاہ نہیں ہوتے اور وہ مشکلات کو بھی ہنس کر برداشت کرنا جانتا ہے اور ایسا صرف وہی کر سکتا ہے جو صبر کی دولت سے لبریز ہو۔

دورِ جاہلیت کے مشہور شاعر اور قبیلے کے سردار امرو القیس سے کسی دوسرے قبیلے کے سردار نے پوچھا کہ آپ کا قبیلہ آپ کی بڑی عزت و قدر کرتا ہے جبکہ وہ سب کچھ میں بھی کرتا ہوں جو تم کرتے ہو تو پھر تم میں ایسی کون سی بات ہے جو مجھ میں نہیں؟ امرو القیس نے جواب دیا کہ میں مشکلات برداشت کرتا ہوں اور انہیں کسی پر ظاہر نہیں ہونے دیتا جب کہ تم ایسا نہیں کرتے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ امرو القیس کا نام آج بھی تاریخ کا حصہ ہے۔

صبر صرف مشکلات پر نہیں ہوتا بلکہ امور اطاعت و فرمانبرداری میں بھی صبر ہوتا ہے۔ اللہ تعالی کے عذاب پر صبر کرنے سے اس کی اطاعت پر صبر کرنا زیادہ آسان ہے۔

موضوع کی اہمیت کے پیش نظر ہم قرآن و حدیث اور اقوالِ سلف صالحین سے صبر کو سمجھنے کی کوشش کریں گے۔

صبر کرنے والے کو اللہ تعالی کی معیت نصیب ہوتی ہے۔

اللہ رب العزت نے صبر سے مدد لینے کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا:

(البقرۃ، 2/153) اے ایمان والو! صبر اور نماز کے ذریعے (مجھ سے) مدد چاہا کرو، یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ (ہوتا) ہے۔

(سورہ رعد کی آیت نمبر 122) اور ہم نے اسے دنیا میں (بھی) بھلائی عطا فرمائی، اور بے شک وہ آخرت میں (بھی) صالحین میں سے ہوں گے۔

صبر: احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اپنے متعدد ارشادات میں صبر کی اہمیت و فضیلت کو واضح فرمایا ہے۔

1۔ اولاد بڑی نعمت ہے، اولاد کے ساتھ انسان میں زندگی کی رونق بحال ہو جاتی ہے اور گویا جینے کا مقصد مل جاتا ہے مگر جب کسی وجہ سے اولاد چھن جائے تو انسان حواس باختہ ہو جاتا ہے۔ اس مشکل وقت میں صبر کرنے والے کے بارے میں مسند احمد اور سنن ترمذی کی یہ روایت پیش ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جب کسی کا بچہ فوت ہو جاتا ہے تو اللہ تعالی فرشتوں سے فرماتا ہے: تم نے میرے بندے کے نہایت پیارے بیٹے کی روح قبض کر لی وہ کہتے ہیں: جی ہاں۔ اللہ تعالی فرماتا ہے: تم نے اس کے دل کا پھل قبض کیا؟ وہ عرض کرتے ہیں: جی ہاں۔ اللہ تعالی فرماتا ہے: میرے بندے نے اس پر کیا کہا وہ عرض کرتے ہیں: اس نے تیری حمد کی اور کہا بے شک ہم بھی اللہ ہی کا (مال) ہیں اور ہم بھی اسی کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں۔ اللہ تعالی فرماتا ہے: اس کے لئے جنت میں ایک مکان بنا دو اور اس کا نام بیت الحمد (تعریف والا گھر) رکھ دو۔

عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت والے دن جب اللہ تعالی تمام مخلوق کو اکٹھا کرے گا تو پکارنے والا پکارے گا! صبر کرنے والے کہاں ہیں؟ فرمایا: کچھ لوگ اٹھیں گے جو تعداد میں کم ہوں گے اور وہ جلدی جلدی جنت کی طرف جائیں گے۔ راستے میں انہیں فرشتے ملیں گے جو ان سے پوچھیں گے، ہم آپ لوگوں کو دیکھ رہے ہیں کہ آپ جنت کی طرف بڑی تیزی سے بڑھ رہے ہیں، آخر آپ ہیں کون؟ وہ لوگ جواب دیں گے کہ ہم اہل صبر ہیں۔ فرشتے پوچھیں گے کہ آپ نے کس بات پر صبر کیا وہ جواب دیں گے ہم نے اللہ تعالی کی اطاعت پر اور گناہوں سے بچنے پر صبر کیا۔ اس وقت ان سے کہا جائے گا کہ جنت میں داخل ہو جائیں، بے شک صبر کرنے والوں کا یہی اجر ہے۔

انسداد دہشتگردی عدالت میں 5 ضمانتیں ہو چکی، 3 کیسز میں جج صاحب ان سے شواہد مانگ رہے ہیں، عدالت کہہ رہی ہے مطمئن کریں کہ کیس بنتا بھی ہے یا نہیں، وکیل سلمان صفدر کے دلائل

صبر: صحابہ و ائمہ کے اقوال کی روشنی میں

1۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ہم نے اپنی زندگی کے بہترین اوقات حالتِ صبر میں پائے ہیں۔ (امام احمد کتاب الزہد) (ابو نعیم، حلی الاولیاء)

2۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: صبر کے چار ستون ہیں:

شوق، شفقت، زہد، انتظار

چنانچہ جو آگ سے ڈرا وہ محرمات سے دور ہو گیا اور جو آدمی جنت کا مشتاق ہوا وہ شہوات سے سلامت رہا۔ جو آدمی دنیا میں زاہد ہوا اس پر مصائب آسان ہو گئیں اور جس نے موت کا انتظار کیا اس نے بھلائیوں کی طرف جلدی کی۔ چنانچہ انہوں نے ان مقامات کو صبر کے ارکان فرمایا، اس لئے کہ یہ صبر سے نکلتے ہیں اور ان تمام ارکان میں صبر کی ضرورت ہوتی ہے اور زہد کو ان میں سے ایک رکن قرار دیا۔

3۔ حضرت ابو حامد بلخی نے فرمایا: جس نے صبر پر صبر کیا (یعنی صبر کر کے اسے ظاہر بھی نہ ہونے دیا کہ وہ مصائب پر صبر کر رہا ہے) وہی صابر ہے نہ کہ وہ شخص جس نے صبر کیا اور (صبر کا اظہار کر کے) شکوہ بھی کر دیا۔ (امام شعرانی، الطبقات الکبری)

4۔ حضرت ابو علی الدقاق نے فرمایا:

صابرین دونوں جہانوں میں عزت کے ساتھ کامیاب ہوئے کیونکہ انہوں نے اللہ تعالی کی معیت حاصل کر لی۔ بے شک اللہ تعالی صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

استحصالی نظام ہی بدل دیں؟

نسیم شاہد

قانون سازی پر قانون سازی ہو رہی ہے، بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ حکومت نے جاتے جاتے قانون سازی کی لوٹ سیل لگا دی ہے۔ کورم پورا ہے یا نہیں، اس کی کسی کو کوئی پروا ہ نہیں، چلو جی اچھا ہے قانون تو بن رہے ہیں، یہ اور بات ہے کہ قانون تو پہلے بھی بنے ہوئے ہیں، مگر ان پر عملدرآمد نہیں ہوتا، غریب کو تو ویسے ہی کسی قانون سے ریلیف نہیں ملتا، کیونکہ کوئی نہ کوئی بالادست طبقے کا فرد اس کی راہ میں دیوار بن جاتا ہے۔ بچپن سے سنتے آئے ہیں کہ اس ملک میں استحصالی نظام رائج ہے، تمیز بندہ و آقا موجود ہے، اتنی ساری قانون سازی کرتے ہوئے اگر اس استحصالی نظام کو ختم کرنے کے بارے بھی قانون سازی ہو جاتی تو اسی چند دنوں کی مہمان حکومت کا کیا بگڑ جاتا؟ سارے قوانین عوام کو دبانے کے لئے ہی بنائے جاتے ہیں، کوئی ان کے حق میں بھی بننا چاہئے، آخر اس ملک پر اس کے کروڑوں عوام کا بھی حق ہے، مگر نہیں صاحب ایسی قانون سازی کسی کی ترجیح میں نہیں آتی۔ وطن عزیز میں عوام کو ریلیف دینے کے لئے کسی حکومت نے کوئی خودکار نظام نہیں بنایا، کیونکہ ایسا نظام بن گیا تو پھر مختلف قسم کے ڈرامے کیسے ہوں گے۔ آج بھی اس ترقی یافتہ ٹیکنالوجی کے دور میں عوام کے مسائل تک پہنچنے کے لئے وزیراعظم اور وزیراعلیٰ کو خود کسی دفتر کسی ہسپتال پہنچنا پڑتا ہے۔ ایکشن لے کر کسی کو معطل اور کسی کو تبادلے کا حکم دیا جاتا ہے، بھلا یہ بھی کوئی طریقہ کار ہے، کیا اتنے بڑے ملک میں اس تکنیک سے عوام کو ریلیف دیا جا سکتا ہے؟ پچھلی حکومت نے عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے وزیراعظم سٹیزن پورٹل بنایا تھا جس میں درخواستیں دی جاتی تھیں اور وہ درخواستیں دوبارہ اسی افسر کے پاس آ جاتی تھیں جس کی نااہلی کے باعث دی گئی ہوتی تھیں۔ یہ استحصالی نظام کی بدترین شکل ہے کہ آپ کو کسی نظام کی بجائے آج بھی بادشاہی نظام کے تحت ریلیف دینے کی کوشش کی جائے، زنجیر عدل لٹکا دی جائے اور کہا جائے جو ہلا دے گا، اس کی شنوائی ہو گی۔ آج بھی کھلی کچہریوں کے ڈرامے رچائے جاتے ہیں، جس ملک میں بیورو کریسی ہے، عدلیہ ہے، سینکڑوں قسم کے دفاتر ہیں، اربوں روپے کا فنڈ خرچ ہوتا ہے، اس میں عوام کی دادرسی کا کوئی خودکار نظام ہی نہیں اور سب کچھ عارضی بنیادوں پر انہی افسروں کی کھلی کچہریوں کے ذریعے چلایا جاتا ہے جو اپنے فرائض منصبی اپنے دفاتر میں ہی دیانتداری سے ادا کریں تو ایسے ڈراموں کی نوبت ہی نہ آئے۔ آپ زندگی کے کسی بھی شعبے کو لے لیں، اس میں کرپشن، بددیانتی، فرائض سے پہلوتہی، غیر ذمہ داری اور ہر قسم کی نااہلی کا دور دورہ نظر آئے گا، کیا دنیا کے ترقی یافتہ معاشروں میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے، کیا فلاحی معاشرے اسی طرح جنم لیتے ہیں، بدقسمتی یہ ہے کہ نظام کو جان بوجھ کر استحصالی رکھا گیا ہے، اس میں صرف طاقتور کی سنی جاتی ہے، غریب دھکے کھاتا رہتا ہے، آپ غور کریں کہ جس نظام کے تحت معاشرے کو چلایا جا رہا ہے، اسے سہل اور آسان بنانے کی بجائے محکمے پر محکمہ بنایا گیا ہے، ایک بار میرے ایک دوست افسر وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کے سربراہ بن گئے، میں نے پوچھا یہ کیا محکمہ ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے ماتحت کام کرتا ہے اور سرکاری محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیتا ہے، میں نے کہا پھر تو یہ بہت اہم ادارہ ہوا، کہنے لگے اتنا بھی اہم نہیں، اکثر رپورٹوں کو وزیراعلیٰ ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتے ہیں کیونکہ فیلڈ میں تعینات افسر بڑے تگڑے ہوتے ہیں اور انہیں سیاسی پشت پناہی بھی حاصل ہوتی ہے۔ کل ایک خبر آئی کہ ایف آئی اے نے میپکو کے ایک لائن مین کو رشوت لینے کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

یمنی زیدی کی سالگرہ، شوبز شخصیات کے محبت بھرے پیغامات

اداکارہ، کم عرصے میں لاکھوں دلوں پر راج کرنے میں کامیاب ہوئی ہیں



لاہور (شوبز نیوز) معروف اداکارہ یمنی زیدی کو سالگرہ پر شوبز شخصیات نے محبت بھرے پیغامات بھیجے ہیں۔ پاکستان سمیت سرحد پار بھی اپنی اداکاری کے جوہر بکھیرنے والی اداکارہ یمنی زیدی اپنی لازوال اداکاری کے باعث بہت کم عرصے میں لاکھوں دلوں پر راج کرنے میں کامیاب ہوئی ہیں۔ تیرے بن میں میرب کا کردار ادا کرنے والی یمنی زیدی نے گزشتہ روز اپنی 34 ویں سالگرہ منائی، سالگرہ کے اس خاص دن کو اور بھی یادگار بنانے کیلئے نامور شخصیات سمیت شوبز سے وابستہ اداکار وہاج علی، یشما گل، سمیع خان، عاصم محمود، اور معروف ڈائریکٹر عبداللہ کادوانی سمیت دیگر۔

محمد رفیع، گائیکی کی دنیا کے بے تاج بادشاہ

تم مجھے بھلا نہ پاؤ گے، انہیں ہم سے بچھڑے ہوئے مدتیں بیت گئیں، محمد رفیع

لاہور (شوبز نیوز) محمد رفیع نے ٹھیک ہی کہا تھا کہ تم مجھے بھلا نہ پاؤ گے، انہیں ہم سے بچھڑے ہوئے مدتیں بیت گئیں لیکن ان کی آواز کی خوشبو آج بھی ہواؤں میں محسوس ہوتی ہے، محمد رفیع برصغیر پاک و ہند کی دنیائے موسیقی کا ایک ایسا نام ہے جو ہمیشہ فلمی افق پر جگمگاتا رہے گا۔ وہ آج بھی ہمارے دلوں میں ایسے ہی بسے ہوئے ہیں جیسے کہ وہ ہمارے آس پاس موجود ہوں، اس کی وجہ یہ ہے کہ آج بھی محمد رفیع کے گائے ہوئے گیت عوام میں بے حد مقبول ہیں، محمد رفیع کے کچھ نہیں بلکہ زیادہ تر گیت ایسے ہیں جن کا ثانی آج تک سامنے نہیں آ سکا ہے اور نہ ہی آئندہ آنے کی امید ہے۔ محمد رفیع کی آواز میں وہ جادو تھا کہ کسی کا بھی ان کے گیتوں کو سن کر مسحور ہو جانا لازمی ہے، محمد رفیع ہی وہ واحد گلوکار تھے جو شوخ و چنچل، درد بھرے، رومانی، کلاسیکل موسیقی اور مغربی طرز کے گیتوں کو یکساں مہارت کے ساتھ گاتے تھے، جنہیں سن کر ایسا لگتا تھا کہ ان گیتوں کو محمد رفیع کے علاوہ کوئی اور گا ہی نہیں سکتا تھا، مثال کے طور پر ان کا گایا ہوا فلم جنگلی کا گیت آئیایا کروں میں کیا سکو سکو، فلم نیل کمل کا گیت بابل کی دعائیں لیتی جا، جا تجھ کو سکھی سنسار ملے، فلم سورج کا گیت بہارو پھول برسا میرا محبوب آیا ہے، فلم مس انڈیا کا گیت بدلا زمانہ دیکھو بدلا زمانہ، فلم تیسری منزل کا گیت آجا آجا میں ہوں۔



اداکارہ رمشا خان نے شوبز انڈسٹری کو خیرباد کہنے کا عندیہ دیدیا

رمشا خان کئی نامور ڈراموں اور فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں



لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی خوبرو و ہنس مکھ اداکارہ رمشا خان نے شوبز انڈسٹری کو خیرباد کہنے کا عندیہ دے دیا۔ اداکارہ رمشا خان کئی نامور ڈراموں اور فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں، تاہم اب انہوں نے انڈسٹری کو خیرباد کہنے کا عندیہ دیا ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران رمشا خان سے جب سوال کیا گیا کہ آپ خود کو آنے والے وقتوں میں کہاں دیکھتی ہیں؟ اس پر جواب میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ میں خود کو صفِ اول کی اداکارہ کے روپ میں دیکھنا چاہتی ہوں اور اس مقام تک پہنچنے کیلئے جو کام مل رہا ہے کر رہی ہوں۔

کنگنا رناوت کا اپنے خلاف ہیکنگ اسکینڈل کا انکشاف

کنگنا رناوت نے اس مرتبہ بالی ووڈ سپر اسٹارز کو اپنے نشانے پر لیا ہے



ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ میں متنازع بیانات دینے کے حوالے سے معروف کنگنا رناوت نے اس مرتبہ بالی ووڈ سپر اسٹارز کو اپنے نشانے پر لیا ہے۔ انہوں نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر ایک پوسٹ میں کہا کہ انسٹاگرام پر ایک اسکینڈل چل رہا ہے اور لوگ اکاؤنٹس ہیک کرنے کیلئے انکا نام استعمال کر رہے ہیں۔ انھوں نے اسکینڈل کے حوالے سے انکے ایک پرستار کی جانب سے انھیں موصول ایک اسکرین شاٹ شیئر کرتے ہوئے اپنے فالوورز کو خبردار کیا کہ وہ اسکینڈل کے فریب میں نہ آئیں۔ تاہم کنگنا نے اس وارننگ کے ساتھ چند ایک حیران کن دعوے بھی کیے۔

لیجنڈ گلوکار کشور کمار کی 94 ویں سالگرہ 4 اگست کو منائی جائے گی

ممبئی (سپورٹس نیوز) برصغیر کے لیجنڈ گلوکار کشور کمار کی 94 ویں سالگرہ 4 اگست کو منائی جائے گی۔ اپنی آواز سے برصغیر کی فلمی صنعت میں پہچان بنانے والے کشور کمار آج بھی لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔ برصغیر کے لیجنڈ گلوکار کشور کمار کا اصل نام ابھاس کمار گنگولی تھا وہ 4 اگست 1929 کو بھارتی ریاست مدھیہ پردیش میں ایک بنگالی خاندان میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد ایک وکیل تھے اور کشور اپنے 4 بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے۔ وہ ابھی چھوٹے ہی تھے کہ ان کے بھائی اشوک کمار نے ممبئی میں اداکاری شروع کی جس کے بعد ان کے ایک بھائی انوپ کمار بھی فلموں سے وابستہ ہوئے۔

پاکستانی معروف اداکار و سپر ماڈل عمران عباس زخمی ہو گئے

اداکاری شروع کرنے سے پہلے آغوش ڈرامے میں مختصر کردار ادا کیا تھا

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی معروف اداکار و سپر ماڈل عمران عباس زخمی ہو گئے ہیں۔ اپنے خوبصورت چہرے کے خدوخال کے سبب متعدد بار مقابلہ حسن جیت کر پاکستان کا نام روشن کرنے والے اداکار عمران عباس اپنے پاؤں پر چوٹ لگوا بیٹھے ہیں۔ اداکار نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپلیکیشن انسٹاگرام پر اسٹوری شیئر کی ہے، جس میں اُن کے پاؤں پر پلاسٹر دیکھا جا سکتا ہے۔ عمران عباس نے اپنی اسٹوری پر درد کا اظہار کرتے ہوئے لکھا 'میرا پاؤں'۔ یاد رہے کہ عمران عباس نے باقاعدہ اداکاری شروع کرنے سے پہلے آغوش

میں نے ادویات کے استعمال کے بغیر صرف محنت سے وزن کم کیا۔ عدنان سمیع خان

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی گلوکار عدنان سمیع خان نے 2005 سے اب تک 150 کلو وزن کم کرنے کی کہانی بتائی ہے، لوگوں نے گلوکار سے پوچھا کہ انہوں نے 2005 سے اب تک 150 کلو وزن کیسے کم کیا؟ میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں اب گلوکار نے اس راز سے پردہ اٹھایا ہے، انہوں نے بتایا کہ میں نے ادویات کے استعمال کے بغیر صرف محنت سے وزن کم کیا۔ عدنان سمیع خان کے مطابق انہیں مسلسل وزن میں اُتار چڑھاؤ کا سامنا رہتا ہے، انہیں فٹ رہنے کے لیے اب بھی کڑی جدوجہد کرنی پڑتی ہے، اس کے ساتھ ہی ڈائٹنگ کا بھی بہت خیال رکھنا پڑتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پہلی بار 2007 سے 2008 کے درمیان وزن کم کیا تھا، اس کے بعد سے اب تک یہ زندگی کا حصہ بن گیا ہے۔ عدنان سمیع کے مطابق وہ اسکواش بھی کھیلتے ہیں جو سخت ورزش کے مترادف ہے۔ دوران انٹرویو انہوں نے بتایا کہ مداح اکثر ڈائٹنگ کے حوالے سے پوچھتے ہیں، انہیں میرا بس یہی جواب ہوتا ہے کہ 'میں کھانا کھاتا نہیں'۔



سپورٹس SPORTS

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی؛ پاکستان ٹیم آج بھارت روانہ ہوگی

عمر بھٹہ کی قیادت میں ٹیم آج صبح واہگہ بارڈرز کے راستے براستہ امرتسر چنائی روانہ ہوگی

لاہور (سپورٹس نیوز) بھارت میں ہونے والی ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کے لیے قومی ٹیم کا تربیتی کیمپ ختم ہو گیا، عمر بھٹہ کی قیادت میں ٹیم آج صبح واہگہ بارڈرز کے راستے براستہ امرتسر چنائی روانہ ہوگی۔ ہیڈ کوچ شہناز شیخ کو تاحال بھارتی ویزا جاری نہیں ہو سکا، ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی تین اگست سے بھارت کے شہر چنائی میں کھیلی جا رہی ہے، اس میں چھ ٹیمیں کوریا، جاپان، چین، ملائیشیا، پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں شریک ہیں۔ لاہور میں چھ ہفتوں کے کیمپ میں پاکستانی ٹیم نے بھی اس ایونٹ کے لیے بھرپور تیاری کی ہے۔ کوچز ریحان بٹ اور محمد ثقلین کو یقین ہے کہ لڑکے اچھی پرفارمنس دیں گے۔ ٹیم مینیجر عمر صابر کہتے ہیں کہ کھلاڑی کسی بھی ملک کے ایمبیسڈر رہتے ہیں، ہم نے اپنے کھلاڑیوں کو اچھے طریقے سے یہ سمجھا بھی دیا ہے۔ ایشین چیمپئنز ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ کے اب تک چھ ایونٹ ہو چکے ہیں، پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں تین تین مرتبہ چیمپئن کا تاج اپنے سر سجا چکی ہیں، 2000 کے ٹورنامنٹ میں پاکستان اور بھارت کی ٹیموں کو مشترکہ چیمپئن قرار دیا گیا تھا۔ کوریا کی ٹیم اس بار دفاعی چیمپئن ہے۔ پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں تین تین مرتبہ چیمپئن کا تاج اپنے سر سجا چکی ہیں، 2000 کے ٹورنامنٹ میں پاکستان اور بھارت کی ٹیموں کو مشترکہ چیمپئن قرار دیا گیا تھا۔ کوریا کی ٹیم اس بار دفاعی چیمپئن ہے۔

لاہور قلندرز اور زمبابوے کرکٹ کے درمیان معاہدہ طے

زمبابوے انڈر 19 اور زمبابوے ویمنز سکواڈز بھی آئندہ ماہ لاہور پہنچیں

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان سپر لیگ میں مسلسل دوسری بار چیمپئن بننے والی فرنچائز لاہور قلندرز اور زمبابوے کرکٹ کے درمیان تاریخی معاہدہ طے پا گیا، جس کے تحت آئندہ برسوں میں قلندرز ہائی پرفارمنس سنٹرز لاہور مبابوے کرکٹ کا نیا مرکز ہوگا۔ معاہدے کے تحت زمبابوے کے پلیئرز ڈویلپمنٹ پروگرام کے 8 نمایاں کرکٹرز ستمبر میں لاہور پہنچیں گے، زمبابوے کے نوجوان کرکٹرز قلندرز ہائی پرفارمنس سنٹر میں تربیت حاصل کریں گے۔ معاہدے میں طے پایا ہے کہ زمبابوے انڈر 19 اور زمبابوے ویمنز سکواڈز بھی آئندہ ماہ لاہور پہنچیں گے، جہاں وہ بالترتیب دورہ بنگلادیش اور دورہ سری لنکا کی تیاریوں کے سلسلے میں تربیتی کیمپ میں شرکت کریں گے۔ لاہور قلندرز زمبابوے میں ٹیپ بال کرکٹ کے لیے بھی جامع منصوبہ بندی کرے گا۔

پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیراہتمام ملک بھر میں جشن آزادی کے موقع پر کھیلوں کے نمائشی مقابلے 14 اگست کو منعقد ہونگے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیراہتمام ملک بھر میں جشن آزادی کے موقع پر کھیلوں کے نمائشی مقابلے 14 اگست کو منعقد ہونگے۔ گزشتہ روز پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ ایونٹس کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور اس سلسلہ میں تمام منسلک اداروں، صوبائی اور ریجنل ایسوسی ایشنز کو ہدایات جاری کر دی گئیں ہیں اور مقابلوں کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن ہر سال یوم آزادی کے موقع 14 اگست کو ملک بھر میں کھیلوں کے مختلف نمائشی میچز منعقد کرواتی رہی ہے۔ ایونٹس کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور اس سلسلہ میں تمام منسلک اداروں، صوبائی اور ریجنل ایسوسی ایشنز کو ہدایات جاری کر دی گئیں ہیں اور مقابلوں کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن ہر سال یوم آزادی کے موقع 14 اگست کو ملک بھر میں کھیلوں کے مختلف نمائشی میچز منعقد کرواتی رہی ہے۔

لنکا پریمیئر لیگ: بابر اعظم کی شرٹ سے جوئے کی کمپنی کا لوگو ہٹا دیا گیا

بابر اعظم لیگ میں پہلے میچ کے لیے میدان میں اترے تو شرٹ سے لوگو غائب تھا

لاہور (سپورٹس نیوز) لنکا پریمیئر لیگ میں بابر اعظم کی شرٹ سے جوئے کی کمپنی کا لوگو ہٹا دیا گیا جبکہ نسیم شاہ اور محمد نواز کی شرٹس پر موجود ہے۔ کولمبو سٹرائیکرز سے معاہدہ کرتے ہوئے ہی بابر اعظم نے واضح کر دیا تھا کہ نام بدل کر جوا کروانے والی سیروگیٹ کمپنی کی تشہیر کرنے والی شرٹ استعمال نہیں کریں گے۔ فرنچائز نے بھی ان کے فیصلے کا احترام کیا، جب بابر اعظم لیگ میں پہلے میچ کے لیے میدان میں اترے تو شرٹ سے لوگو غائب تھا مگر اسی میچ میں کولمبو سٹرائیکرز کی ہی نمائندگی کرنے والے نسیم شاہ اور محمد نواز کی شرٹس پر لوگو موجود تھا۔ میچ کے لیے میدان میں اترے تو شرٹ سے لوگو غائب تھا مگر اسی میچ میں کولمبو سٹرائیکرز کی ہی نمائندگی کرنے والے نسیم شاہ اور محمد نواز کی شرٹس پر لوگو موجود تھا۔

پاکستان کے مایہ ناز کوہ پیما محمد حسن برفانی تودے کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گئے

شگر (سپورٹس نیوز) دنیا کی دوسری بلند ترین چوٹی کے ٹو سر کرنے کیدوران مایہ ناز کوہ پیما محمد حسن برفانی تودے کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق کوہ پیما محمد حسن کے ٹو سر کرنے کی مہم جوئی کے دوران بوتل نیک کے مقام پر برفانی تودے کی زد آ کر زخمی ہوئے تھے۔ ساتھی کوہ پیما نے محمد حسن کو ریسکیو کیا تاہم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گئے، ڈپٹی کمشنر شگر نے کوہ پیما کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی۔ دنیا کی دوسری بلند ترین چوٹی کے ٹو سر کرنے کیدوران مایہ ناز کوہ پیما محمد حسن برفانی تودے کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق کوہ پیما محمد حسن کے ٹو سر کرنے کی مہم جوئی کے دوران بوتل نیک کے مقام پر برفانی تودے کی زد آ کر زخمی ہوئے تھے۔ ساتھی کوہ پیما نے محمد حسن کو ریسکیو کیا تاہم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گئے، ڈپٹی کمشنر شگر نے کوہ پیما کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی۔

سٹیو سمتھ نے ریٹائرمنٹ کی افواہوں کو مسترد کر دیا

رواں سیزن کے 6 میچز میں 2 سنچریاں میرے خیال میں مناسب کارکردگی ہے

اوول (سپورٹس نیوز) آسٹریلوی کرکٹر سٹیو سمتھ نے ریٹائرمنٹ کی افواہوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے اس حوالے سے کسی سے کوئی بات نہیں کی اور نہ ہی میں کہیں جا رہا ہوں۔ واضح رہے کہ سابق آسٹریلوی کپتان سٹیو سمتھ کی ریٹائرمنٹ کے حوالے سے انگلینڈ میں خبریں گردش کر رہی ہیں۔ اپنے ایک بیان میں سمتھ کا کہنا تھا کہ مجھے نہیں پتہ یہ خبریں کہاں سے آ رہی ہیں، میں نے اس بارے کسی سے کوئی بات نہیں کی۔ انہوں نے انگلینڈ کے خلاف حالیہ ٹیسٹ میں بیٹنگ سے متعلق کہا کہ میں نے بیٹنگ کر کے بہت بہتر محسوس کیا۔

ویسٹ انڈیز کی کمزور ٹیم سے شکست، شائقین بھارتی کرکٹ ٹیم پر برس پڑے

بارباڈوس (سپورٹس نیوز) ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی نہ کرنے والی کمزور ٹیم ویسٹ انڈیز کے ہاتھوں بھارت کی شرمناک شکست پر انڈین شائقین اپنی ٹیم پر برس پڑے۔ بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تین میچوں پر مشتمل ون ڈے سیریز کا دوسرا میچ بارباڈوس میں کھیلا گیا جس میں ویسٹ انڈیز نے بھارت کو 6 وکٹوں سے ہرا کر تین ایک روزہ میچوں کی سیریز 1-1 سے برابر کر دی۔

ورلڈ جونیئر اسکواش ٹائٹل جیتنے والے حمزہ خان کو کیش ایوارڈ دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) وفاقی حکومت نے ورلڈ جونیئر اسکواش کا ٹائٹل جیتنے پر حمزہ خان کو کیش ایوارڈ سے نوازنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف حمزہ خان کی حوصلہ افزائی کریں گے، حمزہ خان کے اعزاز میں دو اگست کو خصوصی تقریب منعقد ہوگی۔ وزیراعظم شاندار کارکردگی پر حمزہ خان کو ایک کروڑ روپے کا کیش ایوارڈ دیں گے۔ آرمی اسپورٹس ڈائریکٹوریٹ کی زیرنگرانی حمزہ خان نے ٹریننگ کی، ورلڈ جونیئر ایونٹ کی تیاری کے لیے آرمی اسپورٹس نے سہولیات فراہم کی تھی۔ تقریب میں وفاقی وزیر احسان مزاری، پاکستان اسپورٹس بورڈ اور اسکواش فیڈریشن کے حکام بھی شرکت کریں گے۔

ماشا یونائیٹڈ فٹ بال ٹیم کے صدر رانا محمد اشرف خان کی

سابق فیفا ریفری اخونزادہ عیسیٰ خان کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) ماشا یونائیٹڈ فٹ بال ٹیم کے صدر رانا محمد اشرف خان نے سابق فیفا ریفری اخونزادہ عیسیٰ خان کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ماشا یونائیٹڈ فٹ بال ٹیم کے صدر رانا محمد اشرف خان نے سابق فیفا ریفری اخونزادہ عیسیٰ خان کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ماشا یونائیٹڈ فٹ بال ٹیم کے صدر رانا محمد اشرف خان نے سابق فیفا ریفری اخونزادہ عیسیٰ خان کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس یکم اور 02 اگست 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ یکم اگست 2023ء صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، کھنہ روڈ، نیو ملپور فیڈرز، مورخہ 02 اگست 2023ء صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک راولپنڈی سٹی سرکل، عزیز آباد، پیپلز کالونی، نوگزی، بجبیال فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

ڈھانچہ، پن بجلی اور پبلک ٹرانسپورٹ سمیت مختلف شعبوں میں 25 ارب ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری ہوئی ہے۔ آج معاہدوں اور ایم او یوز پر دستخطوں کے بعد ہم سی پیک کے دوسرے مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں جس سے دونوں ممالک کے درمیان نئے ماڈل کے تحت اقتصادی تعاون کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دوسرے مرحلے میں بزنس ٹو بزنس حکمت عملی کے تحت زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ جات میں سرمایہ کاری کی جائے گی۔ پاکستان چین کی معاونت سے چینی معیار کے مطابق برآمدات کو یقینی بنائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ چین کے صدر شی جن پنگ کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے پاکستان کے ساتھ عوامی رابطوں کے فروغ کے لئے نائب وزیراعظم کو خصوصی ایلچی کے طور پر پاکستان بھیجا ہے۔ چینی صدر نے دنیا کو دکھایا ہے کہ پاکستان اور چین دوستی کے بےمثال رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔ چین اور پاکستان صدا بہار دوست اور آہنی بھائی ہیں۔ پاک چین دوستی برقرار رہے گی اور اس میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 2

جائے، موجودہ نگران کابینہ معاملات کو پیچیدہ بنا رہی ہے۔ پیپلز پارٹی کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ نگران کابینہ صوبے میں پری پول دھاندلی کر رہی ہے، موجودہ نگران کابینہ کو فارغ کیے بغیر شفاف الیکشن ممکن نہیں ہیں۔

بقیہ 3

کو ہلال پاکستان سے نوازا۔ تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، چیئرمین سینیٹ، وفاقی وزرا اور اعلی سول و عسکری حکام موجود تھے۔

ذرائع کا کہنا ہے کہ سول ایوارڈ ہلال پاکستان سے غیر ملکی شخصیات کو نوازا جاتا ہے، ایوارڈ پاکستانی مفاد میں قابل قدر خدمات کے اعتراف میں عطا کیا جاتا ہے۔

بقیہ 4

سود میں کمی کی توقع کر رہے تھے جبکہ معاشی تجزیہ نگاروں کا خیال تھا شرح سود میں اضافہ یا موجودہ سطح برقرار رکھنے کا امکان ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے بتایا کہ شرح سود 22 فیصد برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، آئندہ مالی سال مہنگائی کی شرح 20 سے 22 فیصد رہنے کی توقع ہے، مہنگائی میں خاطر خواہ کمی آئی ہے۔ گورنر سٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ ہمارے اندازوں کے مطابق رواں مالی سال مہنگائی 29 فیصد رہے گی، ہمارا ہدف مہنگائی کو 5 سے 7 فیصد تک لانا ہے، مہنگائی کا ہدف مالی سال 2025 تک پورا ہو جائے گا، اگلے سال گروتھ 2 سے تین فیصد تک رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ 23 جون 2023 سے امپورٹ پر سے تمام پابندیاں ہٹا دی ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر 8.2 ارب ڈالر ہو گئے ہیں، حکومتی اقدامات کی وجہ سے کرنٹ اکاؤنٹ میں بہتری دیکھی گئی، دسمبر تک زرمبادلہ کے ذخائر میں مزید بہتری آئے گی۔ گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ چاہتے ہیں جی ڈی پی گروتھ میں استحکام ہو، جولائی میں 1 ارب 80 کروڑ ڈالر کے غیر ملکی قرضے ادا کیے، ہمیں مستقل اور ٹھوس معاشی ترقی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں معاشی ترقی ملکی و بین الاقوامی حالات پر منحصر ہے، معاشی ترقی کیلئے مانیٹری سطح پر اقدامات ہم لے رہے ہیں، معاشی ترقی کم ہو لیکن ٹھوس اور مستقل ہو، معاشی اعداد و شمار کے جائزے کے بعد شرح سود برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ گورنر سٹیٹ بینک نے کہا کہ آئی ایم ایف نے نہیں کہا کہ ریٹ بڑھا، آئی ایم ایف نے کہا معاشی صورتحال کے مطابق پالیسی ریٹ طے کیا جائے، آج ہمارا مانیٹری اسٹانس مارکیٹ کے مطابق ہے، اس وقت ویسے ہی پالیسی ریٹ کافی زیادہ 22 فیصد پر ہے، انٹربینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کے فرق کو سختی سے مانیٹر کیا جا رہا ہے جو شرائط آئی ایم ایف کے ساتھ کیں ان پر عمل کر رہے ہیں۔

بقیہ 5

درمیان فلیگ شپ منصوبہ ہے۔ ہی لی فینگ نے مزید کہا ہے کہ سی پیک دونوں ملکوں کے درمیان اہم منصوبہ ہے جس سے خطے میں سماجی ترقی کا دور شروع ہوا، سی پیک کے تحت اربن ریلوے، فائبر آپٹک سمیت مختلف منصوبوں کو عملی جامہ پہنایا گیا، پاکستان میں سڑکوں کے جال بچھائے گئے، توانائی، زراعت، ریلوے، آئی ٹی سمیت مختلف منصوبے شروع کیے۔ چین کے نائب وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان میں صنعتی ترقی کے دور کا آغاز ہوا، انڈسٹری، کلچر اور صحت کے شعبوں میں مزید تعاون کی ضرورت ہے، پاکستان اور چین کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید بڑھانے کے خواہاں ہیں، چین پاکستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانا چاہتا ہے۔

بقیہ 6

سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنی ضعیف والدہ کی وجہ سے کراچی نہیں چھوڑ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی آئندہ زندگی پیشہ ورانہ کام اور کتابیں لکھنے میں گزارنا چاہتا ہوں۔ شبر زیدی کا کہنا ہے کہ میں ایس آئی یو ٹی کے لیے کام کرنا چاہتا ہوں۔ میں اپنی آئندہ زندگی اسلام آباد میں ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ دوسری جانب سابق چیئرمین ایف بی آر نے زرعی ٹیکس کے معاملے پر جنوبی پنجاب کے ایم این ایز کی جانب سے دباؤ ڈالے جانے کے بیان پر وضاحت کی ہے انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں نے غلطی سے ملتان میں ایک بڑے زمیندار کو نوٹس دے دیا، میرے دفتر میں شاہ محمود قریشی کی قیادت میں نصر اللہ دریشک سمیت 40 ایم این ایز آئے، کہنے لگے ہم جنوبی پنجاب کے ایم این ایز ہیں، ہمارے بغیر حکومت نہیں چل سکتی

بقیہ 7

ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا کہ پنجاب میں نگراں حکومت کی آئینی میعاد ختم ہو چکی، سپریم کورٹ نے الیکشن کی تاریخ میں توسیع کی لیکن نگراں حکومت پنجاب کو توسیع نہ دی۔ درخواست میں کہا گیا کہ نگراں وزیراعلی غیر آئینی طور پر عہدہ سنبھالے ہوئے ہیں، محسن نقوی، کابینہ کا عہدے پر برقرار رہنا آئین کی خلاف ورزی ہے۔ 90 روز گزرنے کے بعد نگراں حکومت کے تمام احکامات و اقدامات غیر آئینی ہیں، عدالت نگراں وزیر اعلی کو فوری عہدے سے ہٹانے، حکومت کو کام سے روکنے، الیکشن کمیشن کو نئی نگراں حکومت کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دے۔ استدعا کی گئی ہے کہ نئی نگراں حکومت کے آنے تک موجودہ حکومت کو بڑے فیصلے کرنے سے روکا جائے

بقیہ 8

کہا ہے کہ بینک آف چائنہ اور پاکستان کے درمیان تعاون جاری رہے گا، دونوں ممالک کی دوستی مزید مضبوط ہونے سے پاکستان ترقی کرے گا۔ بینک آف چائنہ ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کا ذریعہ بنے گا۔ قائد مسلم لیگ ن نواز شریف نے چینی قیادت کے ساتھ مل کر منصوبہ بنایا، 2017 میں پاکستان کو عالمی معیشت میں 24 ویں نمبر پر لائے تھے۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانا ضروری ہیں، سی پیک ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کا ذریعہ بنے گا۔ بینکنگ کی جدید سہولیات سے معیشت مزید مستحکم ہوگی۔ قبل ازیں اسحاق ڈار نے سینیٹ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی معیشت کا مشکل دور گزر چکا ہے اور ہم ڈیفالٹ کی بجائے بہتری کی سمت جا رہے ہیں۔ آج ملکی زرمبادلہ کے ذخائر 14 ارب ڈالر کے قریب پہنچ چکے ہیں جس میں ستمبر تک مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت تمام صوبوں کو ان کے حقوق دیئے جا رہے ہیں، ہمیں معیشت پر سیاست کرنے کی بجائے مل کر حالات کا مقابلہ کرنا چاہیے۔ وفاقی وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ سعودی عرب اور یو اے ای کے علاوہ چین نے ہماری بھرپور مدد کی ہے، ہمارے گزشتہ 11 مہینے بہت مشکل سے گزرے ہیں اور پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے والے اپنی سازشوں میں ناکام رہے۔ ہم نے تمام قرضے اپنے وقت پر ادا کئے ہیں اور اس وقت ہمارے پاس ترسیلات زر اس سطح پر پہنچ چکے ہیں، معیشت نہ تو جلدی سے بنتی ہے اور نہ ہی جلدی سے تباہ ہوتی ہیں

بقیہ 9

ریکارڈ سنٹر میں آئے لوگوں سے مل کر ان سے آراضی ریکارڈ سنٹر سٹاف کے رویے اور فراہم کی جانے سروسز میں کسی بھی قسم کی دشواری یا عملے کی جانب سے کسی بھی کام کے سلسلے میں پیسوں کی ڈیمانڈ کے متعلق پوچھا تو وہاں موجود سائلین نے بتایا کہ کسی بھی قسم کی کوئی دشواری یا، پریشانی کا سامنا نہیں ہے تمام کام بر وقت ہو جاتے ہیں اے سی گوجر خان نے تمام سائلین کو کہا کہ اگر کوئی بھی مسلہ ہو یا ٹاوٹ مافیا کا کوئی ایشو ہے تو مجھے آپ بتائیں اگر کوئی پرسنلی بھی مجھے شکایت درج کروانا چاہتا ہے تو میرے دفتر میں آکر مجھے بتائے آپکی تمام جائز شکایات کا ازالہ کیا جائے گا انہوں نے سروس سنٹر انچارج/اے ڈی ایل آر کو ہدایات کیں کہ عوام الناس کو ترجیحی بنیادوں پر سروس فراہم کی جائے عملے کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ٹاوٹ مافیا کا آراضی سنٹر میں داخلہ سختی سے منع ہے تمام آنے والے سائلین کے جائز کاموں کو فی الفور حل کیا جائے اگر کسی بھی قسم کی کوئی شکایت مجھے موصول ہوئی تو سختی سے نمٹا جائے گا آخر میں انہوں پانی کے کولر اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو چیک کیا اور تسلی بخش پایا

بقیہ 10

حوالے سے مشاورت کا ایک دور کر چکے ہیں۔ راجہ ریاض کے مطابق قومی اسمبلی میں اپنے ارکان کے علاوہ جماعت اسلامی سے بھی مشاورت ہوگی، جبکہ نگران وزیراعظم کیلئے جی ڈی اے ارکان سے بھی مشاورت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ نگران وزیراعظم کیلئے 3 نام تجویز کروں گا، کوشش ہے کہ تجویز کردوہ ناموں میں ماہر معیشت، سیاستدان اور ٹیکنوکریٹ شامل ہوں۔ یاد رہے کہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی نے نگران وزیراعظم کیلئے مشترکہ ناموں کا انتخاب کرلیا ہے، مشترکہ ناموں کی جانچ پڑتال کے بعد تین ناموں کا انتخاب کیا جائے گا۔ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی جانب سے تین ناموں کو آئندہ ہفتے حتمی شکل دی جائے گی۔ جبکہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے نگران وزیراعظم کے حوالے سے کہا تھا کہ نگران وزیراعظم کے نام پر پنڈی والوں سے بھی بات ہوگی۔

بقیہ 11

رضوانہ کو انصاف کی فراہمی کیلئے اس کیس کو روزانہ کی بنیاد پر سنا جائے۔ اس کیس میں انویسٹی گیشن، پراسیکیوشن اور عدلیہ کے عمل کو تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ سارہ احمد نے کہا کہ معصوم گھریلو ملازمہ پر تشدد سے پوری دنیا میں ہمارا امیج خراب ہوا ہے۔ اس ٹیسٹ کیس میں انصاف کے تقاضے پورے ہونے چاہئیں۔ بچی کی صحتیابی کے بعد بہتر تعلیم اور پرورش کیلئے بچی کو چائلڈ پروٹیکشن بیورو میں رکھنے کیلئے والدین کو پیشکش کی ہے۔ سارہ احمد نے کہا کہ تشدد کا شکار بچوں کے بارے میں چائلڈ ہیلپ لائن 1121 پر اطلاع دیں۔

بقیہ 12

باہمی تعلقات کو مزید بڑھانے کے لیے راہیں تلاش کی گئیں۔ سفیر جلیل عباس جیلانی، سابق سیکرٹری خارجہ اور صدر CASS کے مشیر نے گول میز کانفرنس کی نظامت کی۔ ڈاکٹر ژونگ ءنے اپنی گفتگو میں پاک چین تعلقات کے اقتصادی پہلوں پر توجہ مرکوز کی اور مختلف چیلنجز اور مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے عالقائی رابطوں کو بڑھانے اور مشترکہ مفادات کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کے خیال میں، مضبوط عالقائی رابطہ اقتصادی ترقی کے لیے ایک بنیادی ستون کے طور پر کام کرے گا۔ ڈاکٹر وانگ شیدا نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو اس ابھرتے ہوئے

بقیہ 13

جلاس کے دوران محکمہ صحت کے حکام نے چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کو پلان پر عملدرآمد سے متعلق بریفنگ دی۔ اجلاس میں سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات بہتر بنانے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور لاہور کے تمام سرکاری ہسپتالوں کی پارکنگ کا انتظام لاہور پارکنگ کمپنی کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ عوام کو صحت اور تعلیم کی بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیلتھ انشورنس پروگرام کے تحت اہل مریضوں کو سرکاری ہسپتالوں میں معیاری طبی سہولیات مہیا کی جائیں اور سہولیات کا معیار ایسا ہو کہ مریض سرکاری ہسپتال سے علاج کروانے کو ترجیح دیں۔

بقیہ 14

قیمتی سامان لے اڑے جبکہ چند دن قبل پولیس چوکی قاضیاں کے نواحی علاقے بیول میں میاں بیوی کو اسلحہ کی نوک پر یرغمال بنا کر طلائی زیورات ملکی وغیر ملکی کرنسی لوٹ کر لے گے گزشتہ رات گلیانہ موڑ کے قریب پرویز الیکٹرک سٹور کے تالے توڑ کر دکان کا صفایا کر گے چور دکان میں موجود بجلی کا قیمتی سامان جس میں کیبل۔ لائٹس اور دیگر سامان چوری کر کے فرار ہوگئے دکان کے مالک راجہ پرویز نے بتایا کہ چوری ہونے والے سامان کی مالیت تقریبا بائیس لاکھ روپے کے لگ بھگ بنتی ہے جسکی بابت تھانہ گوجر خان میں درخواست دے دی گئی ہے واقعے کی اطلاع پر پولیس تھانہ گوجر خان اور صدر مرکزی انجمن تاجراں گوجر خان کے صدر راجہ جواد موقع پر پہنچے جبکہ دوسری واردات چند دن قبل یوسی بیول کے موضع دیڑہ کنیال کے گاں ڈھیری کے رہائشی عبدالغفور کے گھر گزشتہ رات کے پچھلے پہر 5 مسلح ڈاکوں جنہوں نے ماسک پہنے ہوئے تھے داخل ہوئے اور عبدالغفور اور ان کی اہلیہ کو رسیوں سے باندھ کر گھر میں موجود 1800 ڈالر 60000 روپے پاکستانی کرنسی 07 تولے کے طلائی زیورات اور دو قیمتی موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس افسران موقع پر پہنچ گئے تھے پولیس دونوں وارداتوں کے مقدمات درج کر کے اپنی تفتیش کا آغاز کر دیا

بقیہ 15

فائز عیسیٰ کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی کے معاملے پر ان چیمبر سماعت کی۔ چیف جسٹس نے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیخلاف توہین عدالت کی درخواست واپس لینے پر خارج کر دی، ریاض حنیف راہی ایڈووکیٹ کی درخواست واپس لینے کی استدعا منظور کر لی گئی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی سے متعلق درخواست واپس لینے کیلئے ان چیمبر اپیل سماعت کیلئے مقرر کی گئی تھی۔

بقیہ 16

کو الیکشن ملتوی کروانے کی سازش قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی نئی لہر کو روکنے کے لیے ریاستی ادارے اپنا متحرک کردار ادا کریں۔ ان کا کہنا تھا یوم عاشور کی رات شادی وال مسجد فاروقیہ رضویہ میں دھماکہ گہری سازش ہے، پولیس تحقیقات کر کے حقائق منظر عام پر لائے اور ملزمان کو قرار واقعی سزا دے۔ جے یو پی میڈیا سیل کی طرف سے جاری بیان میں پیر محفوظ مشہدی نے باجوڑ میں بم دھماکے کی شدید مذمت کی اور شہید ہونے والوں کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا خودکش دھماکے ملکی سلامتی کے لئے خطرہ اور عدم استحکام پیدا کرنے کی گھناونی سازش ہے۔ ان کا کہنا تھا سیکورٹی ادارے دہشت گردی کے پے در پے واقعات پر قوم کو مطمئن کریں۔ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات میں شدید اضافہ ہوا ہے۔ ترجمان جے یو پی کے مطابق پیر محفوظ مشہدی نے یوم عاشور کی رات شادی وال ضلع منڈی بہاوالدین کی جامع مسجد فاروقیہ رضویہ میں ہونے والے دھماکے کی بھی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا مسجد میں ہونے والے دھماکے میں قرآن مجید کے نسخوں اور مسجد کو نقصان پہنچا تاہم جانی نقصان نہیں ہوا۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے واقعہ کی تحقیقات کریں۔

بقیہ 17

پر اتفاق ہوا۔ مشاورت کے بعد نگران وزیراعظم کے نام قیادت کے پاس چلے جائیں گے، جو ہم نے نام دیئے ہیں ان میں کوئی بیوروکریٹس نہیں، جو نام ہم نے تجویز کئے ان میں عام شہری شامل ہیں جن کی اچھی ساکھ ہے۔ وزیر دفاع نے بتایا کہ ایک کا تعلق سیاست کے ساتھ ہے اور ایک شخصیت کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ 9 اگست کو اسمبلیاں تحلیل ہونے کی تاریخ مقرر ہے، نگران حکومت بننے کے 90 روز کے اندر انتخابات ہوں گے۔ خواجہ آصف نے اسحاق ڈار کے نگران وزیراعظم بننے کی خبروں پر بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیر خزانہ نے کبھی نگران وزیراعظم بننے کی خواہش کا اظہار نہیں کیا۔ دوسری جانب نگران وزیراعظم کیلئے اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی راجہ ریاض کی مشاورت جاری ہے، راجہ ریاض اپوزیشن ارکان سے مزید مشاورت بدھ کو کریں گے۔ راجہ ریاض کے مطابق قومی اسمبلی میں اپنے ارکان کے علاوہ جماعت اسلامی سے بھی مشاورت ہوگی، جبکہ نگران وزیراعظم کیلئے جی ڈی اے ارکان سے بھی مشاورت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ نگران وزیراعظم کیلئے 3 نام تجویز کروں گا، کوشش ہے کہ تجویز کردوہ ناموں میں ماہر معیشت، سیاستدان اور ٹیکنوکریٹ شامل ہوں۔ جبکہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی نے نگران وزیراعظم کیلئے مشترکہ ناموں کا انتخاب کرلیا ہے، مشترکہ ناموں کی جانچ پڑتال کے بعد تین ناموں کا انتخاب کیا جائے گا۔ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی جانب سے تین ناموں کو آئندہ ہفتے حتمی شکل دی جائے گی

بقیہ 18

لگانے کا ہی فیصلہ نہیں ہونا بلکہ (ن) لیگ کی گھریلو سیاسی لڑائی اور طاقتور لوگوں سے الجھے ہوئے معاملات کا بھی فیصلہ ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسے نگران وزیراعظم کی ضرورت ہے جو چابی کا کھلونا ہو، فرمائشی پروگرام ہو، خواہش پر خبر بنائے، جب بیٹھنے کا کہیں تو بیٹھ جائے اٹھنے کا کہیں تو اٹھ کھڑا ہو، ہر پارٹی کی جیب میں ایک نگران وزیراعظم موجود ہے لیکن بائیو میٹرک نہیں ہو رہا۔ شیخ رشید کا کہنا تھا کہ جو 15 مہینے میں سفارتی پاسپورٹ کے باوجود اپنے بھائی کو پلاننگ کے تحت ملک نہیں لاسکے وہ غریب کے مسائل کیا حل کریں گے، جب پی ڈی ایم بغیر پروٹوکول کے عوام میں جائے گی تو ان کو اپنی مقبولیت کا اندازہ ہو جائے گا، جس ملک میں ایک دن میں 60 لوگ دہشگردی سے شہادت پائیں وہاں غیر ملکی سرمایہ کاری کون لائے گا۔ سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ مریم نواز اور آصف زرداری کی خاموشی بے معنی اور بے مقصد نہیں، جب دوسروں کی شطرنج کے مہرے بنتے ہیں تو ان کی چالوں پر بھی کھیلنا پڑتا ہے، ن لیگ کے بھی فاصلے بڑھ رہے ہیں، ایسا لگتا ہے کے دال میں کالا ہے، جو کچھ ہونا ہے ان ہی 10 دنوں میں سامنے آجانا ہے ہاتھ کرنے والوں کے ساتھ بھی ہاتھ ہو جاتا ہے اور یہ ہاتھ ملتے رہ جائیں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سیاسی مطلع ابر آلود ہے، سیاسی ذلت اور رسوائی ان کا مقدر ہے، نہ خواص میں عزت ملی نہ عوام میں مقام پا سکے، جی کا جانا ٹھہر گیا، صبح گیا یا شام گیا۔

بقیہ 19

آج صبح نو بجے بیان ریکارڈ کرانے کے طلب کر لیا۔ دوران سماعت جج ہمایوں دلاور نے ریمارکس دیئے کہ عمران خان نے عدالت کو صرف مایوس کیا۔ عمران خان اور وکلاء عدالت کو مزید مایوس کرنا چاہتے ہیں۔ سیشن عدالت نے توشہ خانہ کیس کی سماعت آج صبح 9 بجے تک ملتوی کر دی۔ قبل ازیں دوران سماعت وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ یہ افسوس کی بات ہے کہ ہائیکورٹ میں معاملہ پینڈنگ تھا اور یہاں کاروائی چلائی جاتی رہی، چیئرمین پی ٹی آئی کو ہائیکورٹ کی ڈائیری برانچ سے نیب نے اٹھایا، اگلے دن پولیس لائن میں عدالت لگا کر پیش کر دیا گیا، وکیل خواجہ حارث نے مزید کہا کہ پولیس لائن پیشی پر فرد جرم عائد کی گئی، فرد جرم کی کارروائی پر ہمارے تین اعتراضات ہیں۔ جج ہمایوں دلاور نے استفسار کیا کہ یہ اسی دن کا واقع ہے جب فرد جرم عائد ہوا اور آپ کی جانب سے کہا گیا کہ انگھیں اٹھیں۔ خواجہ حارث نے کہا کہ میں نے کبھی سماعت بائیکاٹ نہیں کیا، ایسا کہہ بھی کیسے سکتے ہیں۔ وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ جی اسی دن کا واقعہ ہے جب فرد جرم عائد کی گئی تھی۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ سیشن عدالت نے چیرمین پی ٹی آئی کے سامنے فرد جرم بھی نہیں پڑھا۔ وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ فرد جرم عائد کرتے وقت جرم چیرمین پی ٹی آئی کو پڑھایا گیا، وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی پر کوئی فرد جرم عائد نہیں ہوا، میں بار بار کہتا ہوں، جج نے استفسار کیا کہ کیا آپ اپنا افیڈیوٹ جمع کروائیں گے کہ فرد جرم عائد نہیں ہوا؟ کیا افیڈیوٹ جمع کروا سکتے ہیں کہ فرد جرم آپ کے سامنے نہیں پڑھا گیا، وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ تین اپیل کی درخواستیں اعلی عدلیہ میں زیر التوا ہیں، فرد جرم کبھی چیرمین پی ٹی آئی کو پڑھ کر ہی نہیں سنایا گیا، نہ فرد جرم پڑھا، نہ سیشن عدالت نے چیرمین پی ٹی آئی کا جواب لیا گیا تھا

بقیہ 20

میں غیر قانونی تعمیرات ثابت ہوں وہاں کے بلڈنگ آفیسرز اور زونل آفیسرز پلاننگ کو فوری بلیک لسٹ کر دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جن افسران کے خلاف غیر قانونی تعمیرات میں ملوث ہونے کے ثبوت موجود ہیں انہیں فوری طور پر معطل کر دیا جائے تاکہ باقیوں کو بھی وارننگ مل جائے۔ عامر میر کا کہنا تھا کہ غیر قانونی تعمیرات میں ملوث افراد مافیا کی شکل اختیار کر تے جار ہے ہیں۔ انکے مطابق ایسے افسران کی سہولت کاری حکومت اور ادارے دونوں کی ساکھ کو متاثر کر رہی ہے۔ عامر میر نے کہا کہ غیر قانونی تعمیرات سے نا صرف تجاوزات میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ محصولات کی وصولی بھی متاثر ہو رہی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ کرپٹ افسران کے خلاف کارروائی سے نہ صرف محکمہ بلدیات کی ساکھ بہتر ہو گی اور ادارے پر عوام کا اعتماد بحال ہو گا بلکہ ٹیکس وصولیوں میں بھی اضافہ ہو گا۔ عامر میر نے سیکرٹری بلدیات کو ہدایت کی کہ ان افسران کے خلاف بھی فوری ایکشن لیا جائے جو ماضی میں انکوائریوں کے نتیجے میں کرپٹ ثابت ہو چکے ہیں لیکن اب تک اپنے عہدوں پر برقرار ہیں۔

بقیہ 21

ڈالرز کے معاہدے کی دستاویزات کے مطابق پاکستان کو 3 سال میں 87.42 ارب ڈالرز کی بیرونی سرمایہ کاری درکار ہوگی۔ جس کیلئے حکومت کو بیرونی سرمایہ کاروں کو مراعات دے کر پاکستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین سہیل اکبر، احسن منیر چاولہ وائس چیئرمین کے ہمراہ صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میاں خرم الیاس نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ کیلئے حکومت بیرون ملک پاکستانی سفارتخانوں میں تعینات ٹریڈ آفیسرز کو فعال بنائیں تا کہ وہ بیرون ملک سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کریں۔ غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ سے صنعتی شعبہ ترقی کرے گا ملکی معیشت مضبوط ہونے کے ساتھ حکومت کو مزید قرضوں سے نجات ملے گی، انہوں نے کہا کہ وون ونڈو آپریشن کی سہولت، خصوصی سہولت کونسل برائے سرمایہ کاری سے غیر ملکی سرمایہ کاری بڑھے گی معاشی بحالی کیلئے براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کلیدی حیثیت رکھتی ہے غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے، نوجوانوں اور خواتین کو روزگار ملے گا ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔

بقیہ 22

نشوونما پروگرام میں رجسٹرڈ 7 لاکھ 70 ہزار حاملہ خواتین، نومولود بچوں اور دودھ پلانے والی خواتین کی غذائی کمی کو دور کرنے کی غذائیت سے بھرپور غذا فراہم کی جاتی رہی ہے۔ یہ خوراک خواتین اور دو سال تک کی عمر کے بچوں کو فراہم کی جاتی ہے۔ جس سے زچہ و بچہ کی صحت پر اچھے نتائج مرتب ہو رہے ہیں اور اس کے لئے بینظیر نشوونما کا دائرہ 15 اضلاع سے بڑھا کے ملک بھر میں کر دیا گیا ہے۔ جس کے لئے 157 اضلاع میں 488 مراکز کام کر رہے ہیں۔ اگلے مالی سال کیلئے بینظیر نشوونما پروگرام کا بجٹ 32 ارب سے زائد رکھا گیا ہے جس سے 1.5 ملین افراد مستفید ہونگے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت نے سیلاب زدگان میں بر وقت 70 ارب روپے تقسیم کئے اور اب ہم سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے دن رات کوشاں ہیں اور اس کام میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔ سیلاب میں 3 کروڑ 30 لاکھ افراد متاثر ہوئے جن میں زیادہ تر کا تعلق سندھ اور بلوچستان سے تھا۔ شازیہ مری نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کرنے والی خواتین کی رجسٹریشن کے لیے ڈائنامک سروے شروع کیا گیا ہے جس سے مستحق خواتین کو اس پروگرام میں شامل کیا جائے گا۔ اس وقت ملک میں 617 ڈائنامک رجسٹری سنٹر کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ موجودہ حکومت نے بینظیر کفالت پروگرام میں توسیع کی، اس کا دائرہ کار بڑھایا اور اس کے ذریعے اب 90 لاکھ خاندانوں کو سہ ماہی بنیادوں پر 8750 روپے دیئے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فیض محمد مری، ریجنل ڈائریکٹر پی پی ایچ آئی فدا حسین لاشاری و دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 23

جیل سے رہائی ممکن نہیں ہو سکی۔ ڈی سی راولپنڈی کی جانب سے مزید 15 دن کی نظربندی کے احکامات موصول ہونے پر شہریار آفریدی کو اڈیالہ جیل ہی میں نظر بند رکھا گیا ہے شہریار آفریدی کی نظربندی کے احکامات 3 ایم پی او کے تحت جاری کیے گئے۔ سی پی او راولپنڈی نے نقص امن کے خدشے کے پیش نظر شہریار آفریدی کی 30 دن کے لیے نظربندی کی سفارش کی تھی۔ دوسری جانب شہریار آفریدی کے بھائی فرخ آفریدی کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے۔ پولیس نے رات گئے ویسٹریج کے علاقے میں ان کی رہائش گاہ پر چھاپا مارا اور دروازے توڑ کر گھر میں داخل ہوئی، جہاں سے پولیس شہریار آفریدی کے بھائی فرخ آفریدی کو حراست میں لے کر ساتھ لے گئی۔ فرخ آفریدی کو 3 ایم پی او کے تحت 15 دن کے لیے اڈیالہ جیل میں نظر بند کر دیا گیا ہے

بقیہ 24

کانسٹیبل ارشاد احمد حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے خالق حقیقی سے جا ملے، متوفی کانسٹیبل ارشاد احمد 1987 میں بطور کانسٹیبل پولیس میں بھرتی ہوئے تھے، آپ تھانہ صادق آباد میں تعینات تھے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ وفات پانے والے کانسٹیبل کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، کانسٹیبل ارشاد احمد نہایت محنتی اور ملنسار پولیس آفیسر تھے، محکمہ پولیس کے لئے ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، دکھ کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں

بقیہ 25

صدیق کیانہ نے بتایا کہ کینٹ ڈویژن میں 2511 اشتہاری ملزمان، 4307 عدالتی مفرور اور 2570 عادی مجرمان کو گرفتار کیا گیا۔ سول لائنز ڈویژن میں 1110 اشتہاری ملزمان، 2259 عدالتی مفرور جبکہ 1136 عادی مجرمان پکڑے گئے اسی طرح سٹی ڈویژن میں 2265 اشتہاری ملزمان، 5769 عدالتی مفرور اور 2693 عادی مجرمان حراست میں لئے گئے۔ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں 1346 اشتہاری ملزمان، 3288 عدالتی مفروران اور 1582 عادی مجرمان پکڑے گئے۔ صدر ڈویژن میں 1993 اشتہاری ملزمان، 4070 عدالتی مفرور اور 1627 عادی مجرمان قانون کی گرفت میں لئے گئے جبکہ ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 2031 اشتہاری ملزمان، 5125 عدالتی مفرور اور 1382 عادی مجرمان گرفتار کئے گئے۔ اسی طرح سی آئی اے نے 457 اشتہاری ملزمان، 182 عدالتی مفرور گرفتار کئے جبکہ AVLS کی جانب سی 134 اشتہاری ملزمان، 444 عدالتی مفرور گرفتار کئے گئے ہیں

بقیہ 26

سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کر کے اس کی چھان بین کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی ٹیم واقعے کی جگہ پر تحقیقات میں مصروف ہے، ملوث تنظیم اور خودکش حملہ آور کی نشاندہی کر رہے ہیں، امید ہے جلد تحقیقات میں پیش رفت ہو سکے گی

بقیہ 27

سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کے لئے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کے پمز اور پولی کلینک ہسپتالوں میں عملہ کو الرٹ کر دیا گیا ہے، دھماکے میں زخمی ہونے والے مریضوں کو یہاں لائے جانے کی صورت میں علاج معالجہ کی بھرپور سہولیات فراہم کی جائیں گی

بقیہ 28

ہے ہیں اس تمام تر صورتحال پر پرنٹ میڈیا کے ذریعے اور خود اہلیان علاقہ نے افسران کی توجہ مبذول کروائی مگر اس کے باوجود کوئی عملدرآمد نہ ہو جس بنا پر مرکزی انجمن تاجراں گوجر خان کے بانی حاجی چوہدری محمد اقبال میڈیا کو دیے گے ایک بیانیے میں کہا کہ گوجر خان میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کی نااہلی کے باعث شہر کی نواحی علاقے کچرا کنڈی میں تبدیل ہو گئے ہیں پسند ناپسند کی بنیاد پر عملہ صفائی کو وارڈوں میں بھیجا جاتا ہے مزید برآں انہوں نے کہا کہ ایک ماہ قبل میونسپل کمیٹی جا کر افسران کو ڈھوک حیات علی سے گزرنے والے نالے اور علی مسجد کے اردگرد گلیوں میں گندگی سے بھری ہوئی نالیوں کی جانب توجہ مبذول کرائی متعدد بار دوبارا یاد دہانی کرائی گئی لیکن کسی کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان اور آر ڈبلیو ایم سی کے ذمہ داروں کو وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ اگر فوری طور پر مسلہ حل نہ کیا گیا تو اہل علاقہ گندگی کے ڈھیر خود اٹھا کر بلدیہ گوجر خان کی عمارت کے اندر ڈھیر کر دیں گے اور صورتحال کی ذمہ دار مقامی انتظامیہ ہوگی۔

بقیہ 29

نے کہا کہ ایران سے جیونی گوادر تک بجلی کی لائن کا منصوبہ شروع کیا گیا، تھرمٹیاری کی ٹرانسمیشن لائن کو مکمل کر کے چلایا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سکھی کناری، لاہور نارتھ ٹرانسمیشن لائن کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا ہے۔ خرم دستگیر نے کہا کہ گزشتہ دور حکومت میں ملکی تاریخ کا سب سے بڑا گردشی قرضہ تھا، موجودہ حکومت کے دور میں اس میں نمایاں کمی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ سی 5 نیوکلیئر پاور پلانٹ کے معاہدے پر دستخط ہو چکے ہیں اور شمسی توانائی کے منصوبوں کیلئے بھی فریم ورک بنا لیا گیا ہے جس سے آنے والی حکومت کو فائدہ ملے گا۔ خرم دستگیر نے کہا کہ 200 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والوں کیلئے بجلی کی قیمت میں اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال ملک میں لوڈشیڈنگ کے حوالے سے صورتحال بہتر رہی

بقیہ 30

یار 585 بیرل یومیہ اضافی تیل برآمد ہو رہا ہے۔ گزشتہ ہفتے ماڑی پٹرولیم نے دوسرے ہاریزنٹل کنویں کی کامیاب ڈرلنگ سے گیس دریافت کی۔ ہاریزنٹل ڈرلنگ کے باعث کھدائی کی لاگت میں 17 فیصد بچت ہوئی۔ نئی دریافت سے گیس سسٹم میں شامل ہونا شروع ہوگئی۔ ماڑی پٹرولیم نے پانچ سال میں قومی خزانے میں 366 ارب روپے جمع کرائے۔ کمپنی کی تیار کردہ مصنوعات کے باعث 11 ارب ڈالر کی درآمدات کی بچت ہوئی۔ خیال رہے کہ 01 جون 2022ء کو شمالی وزیرستان میں بنوں ویسٹ بلاک سے تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت کیے گئے تھے۔ 25 ایم ایم سی ایف ڈی گیس اور 300 بیرل یومیہ تیل کی بڑی دریافت کی گئی۔ ترجمان ماڑی پٹرولیم کے مطابق شمالی وزیرستان میں تیل و گیس کی پہلی دریافت ہے۔ نئی دریافت سے تیل و گیس کی طلب پوری کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ نئی دریافت سے ملک میں ہائیڈروکاربن کے ذخائر میں اضافہ ہوگا۔ ترجمان کے مطابق مقامی وسائل کی دریافت سے زرمبادلہ کے ذخائر کی بچت ہوگی۔ قبل ازیں رواں سال جنوری میں خیبر پختونخوا میں تیل اور گیس کے بڑے ذخائر دریافت کیے گئے تھے۔ وزارت توانائی کا کہنا تھا کہ اس دریافت کا اندازہ گزشتہ ایک دہائی میں سب سے بڑا قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 31

گی اس پارٹی کو ووٹ بھی دیں گے اور اسکی حمایت کا اعلان بھی کریں گے جس کے پیش نظر بڑکی چوہان کی سماجی شخصیات حاجی اشرف، راجہ ارسلان انجم اور راجہ سعید انجم حال مقیم یوکے نے اپنی رہائش گاہ بڑکی چوہان گوجر خان میں ایک کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 8 ماسٹر اعظم پرویز نے اپنے وفد کے ہمراہ شرکت کی اور اس کارنر میٹنگ نے دیکھتے ہی دیکھتے ایک جلسے کی شکل اختیار کر لی میٹنگ کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت جناب حافظ عرفان چوہان نے حاصل کی اس کے بعد اہلیان علاقہ نے ماسٹر اعظم کے سامنے اپنے مطالبات رکھے جس پر انھوں نے اہلیان علاقہ کو ترقیاتی کام کروانے کی یقین دہانی کروائی

بقیہ 32

ٹن مٹی میں سے 1 ٹن میٹل بیچیں تو 5 ہزار ڈالر کماتے ہیں، اس معدنیاتی انقلاب کے لیے ہمارے 3 گول ہیں، جو معدنیات اور مٹی ہم بیچیں گے اس سے ملک لاکھوں ڈالر کمائے گا، سونا اور تانبا ملک کی تقدیر بدلے گا۔ لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں مزدور طبقہ بہت ہے، ان کو ملازمت فراہم کریں گے، ہم اس مٹی سے عوام کو فائدہ پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نوکر شاہی کے بوجھ کو ختم کیا جائے گا، اس نوکر شاہی کو کاٹیں اور آگ لگا دیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ اس ملک میں آپ کو نا امیدی کیوں نظر آتی ہے، ہم ان معدنیات پر فوکس کر رہے ہیں، معدنیاتی انقلاب سے ملکی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ مصدق ملک نے کہا کہ خام معدنیات سے دھاتوں کو نکالنے کے کام کا آغاز کیا جائے گا، معدنیات کی کھدائی کے حوالے سے نئی قانون سازی کی جائے گی، انسانی اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے واضح منصوبہ بندی ہوگی، پاکستان میں اتنے ہمارے ڈویژن نہیں جتنے قوانین ہیں، تمام قوانین کو ضم کر کے ایک پیکج بنائیں گے۔ وزیر مملکت نے مزید کہا کہ بیرونی سرمایہ کاروں کو ملک میں خوش آمدید کہیں گے، سرمایہ کاروں کے لیے ون ونڈو آپریشن عمل شروع کیا جائے گا۔

بقیہ 33

چھیننے کے درپے ہوگیا ہے قیامت خیز مہنگائی اور جان لیوا بجلی کے بلوں نے ہمارا جینا محال کر دیا ہے حکمران طبقے کے شاہانہ طرز زندگی اور بیوروکریسی اور اپنے چند مخصوص لوگوں کو نوازنے کے سبب ایک ایک پل ملک و قوم پر قیامت ڈھا رہا ہے مگر ان بے شرموں کی فوج ظفر موج بیرون ملک اور اندرون ملک عیاشیاں کر رہی ہے جسکی وجہ سے پاکستان میں عام آدمی کے لیے گزر بسر کرنا مشکل ہوگیا ہے حکمران طبقہ، ملک کی بیوروکریسی بجائے اپنی مراعات اور عیاشیاں ختم کرنے کے مراعات میں اضافہ کیے جا رہے ہیں ملک میں مہنگائی میں اضافے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ حکمران عیاش طبقہ اقتصادی پالیسیوں میں ملک کے مخصوص طبقے کو فائدہ پہنچا رہا ہے جسکے براہ راست اثرات غریب عوام پر پڑھتے ہے اقتصادی پالیسیاں ایسی بنائی جا رہی ہیں کہ جس میں ہم غریبوں کو کوئی ریلیف نہیں دیا جاتا ملک کے طاقتور طبقے اپنے مفادات کو ان پالیسیوں پر ترجیح دیتے ہیں آئی ایم ایف سے اپنی عیاشیوں کے لیے قرضے لیکر انکی کڑی شرائط پر بے شمار ٹیکسوں کا نفاذ بھی مہنگائی کا سبب ہے شہری حلقوں نے مزید کہا کہ حکومت جب تک ملکی مفاد کو ذاتی مفادات پر ترجیح نہیں دے گی اس وقت تک مہنگائی کے جن پر قابو پانا ناممکن ہے حکومت وقت کو چاہیئے کہ وہ مہنگائی کی چکی میں پسنے والوں کیلئے ضروری اقدامات کرے دولت کی غیر مساوی تقسیم مہنگائی کو بڑھاوا دیتی ہے ہر طرف آٹا، چینی اور دوسری ضروریات زندگی اور بھاری بھرکم بلوں نے غریب بندے کا بھرکس نکال دیا ہے ہر طرف لوگوں کی زبان پر بس ایک ہی لفظ ہے مہنگائی مہنگائی

بقیہ 34

شہر میں موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی ہے، شہری دوران چیکنگ پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 35

حصہ لے گی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ قائد مسلم لیگ ن نواز شریف کو سازش کے تحت عملی سیاست سے الگ کیا گیا، نواز شریف بہت جلد پاکستان آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف حفاظتی ضمانت لیں گے، اپیلوں پر سماعت کے بعد وہ بری ہو جائیں گے۔ سابق وزیراعظم نواز شریف کے بری ہونے کے بعد لگائی گئی پابندیاں ختم ہوں گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ کہنا درست نہیں ایک نام آیا اور وہ مسترد ہو گیا، نگران وزیراعظم کیلئے اسحاق ڈار کا نام کسی نے پیش نہیں کیا بلکہ افواہ اڑائی گئی۔ وزیر داخلہ نے نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی پھر سے سر اٹھا رہی ہے، گزشتہ حکومت نے کچھ لوگوں کو واپس آنے کی اجازت دی۔ سمجھا گیا یہ لوگ واپس آکر قانون کی بالادستی تسلیم کریں گے لیکن انہوں نے واپس آکر وہی کیا جو کرتے آرہے تھے۔ سکیورٹی ایجنسیاں بہادری سے دہشت گردوں کا پیچھا کر رہی ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ 9 مئی کو اس ملک کے دفاعی اداروں پر حملہ کیا گیا، جن لوگوں نے ہمارے شہداء کی بے حرمتی کی ان کو معاف نہیں کیا جا سکتا۔ ہم نے عدالتوں کا گھیراؤ کیا اور نہ ہی کارکن اکٹھے کر کے عدالتوں پر چڑھائی

بقیہ 36

رہے کہ گزشتہ روز باجوڑ میں جے یو آئی ف کے ورکر کنونشن کے دوران خودکش دھماکا ہوا جس میں اب تک 44 افراد شہید ہو چکے ہیں

بقیہ 37

ٹیکسلا پولیس کو مطلوب تھا۔ رتہ امرال پولیس نے ملزم عمران سے 01 کلو 870 گرام چرس، گنجمنڈی پولیس نے ملزم اسماعیل سے 05 لیٹر شراب، نیو ٹاؤن پولیس نے ملزم نوید سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم سعید سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم عثمان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 38

ہولڈنگز کمپنی کا نام پاناما پیپرز میں سامنے آیا۔ پی ٹی آئی رہنما مونس الہی نے کہا کہ کمپنی تب بنی جب میری عمر 19 برس تھی، کمپنی 2023 میں بند ہوگئی، بظاہر میرے والد نے 2022 میں ایسی کمپنی کے ذریعے کرپشن کی جو 2023 میں بند ہوگئی۔ خیال رہے کہ مونس الہی لمبے عرصے سے بیرون ملک میں مقیم ہیں، مونس الہی کے والد اور تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الہی اس وقت نظر بند ہیں اور انہیں مختلف مقدمات کا سامنا ہے۔ جب کہ قومی احتساب بیورو (نیب) نے ملک بھر کے اداروں سے پرویز الہی اور مونس الہی کے اثاثوں کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ نیب نے پرویز الہی، مونس الہی اور ان کے اہلخانہ کی جائیدادوں، گاڑیوں سمیت تمام اثاثوں کی تفصیلات مانگ لی ہیں، جبکہ نیب نے مونس الہی کے خلاف آمدن سے زائد اثاثوں کی انکوائری بھی شروع کر دی۔ نیب نے چوہدری پرویز الہی اور مونس الہی کے اثاثوں کے ریکارڈ کے لیے ڈپٹی کمشنرز، ایکسائز آفیسرز کو خط لکھ دیا ہے، جس میں چوہدری پرویز الہی، ان کی اہلیہ، دو بیٹوں مونس اور راسخ کی پراپرٹیز کا ریکارڈ طلب کیا گیا ہے۔

بقیہ 39

زیراعظم میاں شہباز شریف کامیاب وزیراعلی تھے ہی اس سے زیادہ کامیاب وزیراعظم ثابت ہوئے ہیں نوجوان نسل کیلئے انکے دل میں بہت درد ہے انکا مشن ہے نوجوان نسل کو پاکستان کے مستقبل کا وژن دیا جائے لیپ ٹاپ اسی لئے تقسیم کئے جا رہے ہیں انہوں نے کہا ڈگری یا تعلیم کیساتھ ہمیں اسکلز پر کام کرنا ہوگا دنیا ہم سے ہنرمند مانگ رہی ہے حکومت اسکلز پر خاص کام کر رہی ہے سابقہ حکومت نے پونے چار سال میں تعلیم سمیت تمام شعبوں کا بہت نقصان کیا حالانکہ سابقہ حکومت کا وزیر تعلیم بہت قابل تھا مگر قابلیت دکھا نہ سکا۔ انہوں نے کہا کہ بہاولپور یونیورسٹی واقعہ پر بہت افسوس ہوا ہے حکومت انکوائری کروا کر ذمہ دار افراد کو سزا دے گی۔ تقریب میں وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی پروفیسر سید اصغر زیدی نے کہا کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی ایک مثالی تاریخی ادارہ ہے جسکی خدمات بھی تاریخی ہیں لیپ ٹاپ لینے والی طالبات کا کہنا تھا کہ وہ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی مشکور ہیں جنہوں نے ہمیں لیپ ٹاپ فراہم کئے اس سے ہم تعلیمی میدان میں دنیا کا مقابلہ کر سکیں گی

بقیہ 40

کے دوران گلیوں اور محلقہ سڑکوں کو بھی مکمل بند کر کے پولیس اہلکار تعینات کئے۔ مرکزی برآمد ہونے والے جلوس میں کثیر تعداد میں ماتمی شریک ہوئے۔ جلوس کے شرکا سے مختلف مکاتب فکر کے علمانے خطاب کیا جن میں مولانا قاسم جعفری، سید اظہر عباس کاظمی، قاری شوکت علی حیدری اور اہلسنت صاحبزادہ عامر عثمان نے بھی فلسفہ شہادت امام حسین علیہ سلام مقام پر روشنی ڈالی۔ جلوس کے دوران پولیس افسران ایس پی، اے ایس پی، ایس ایچ او تھانہ دھمیال حسنین شاہ، ایس ایچ او تھانہ ریس کورس عمار خان سمیت غازی سکاوٹس، ابراہیم سکاوٹس، مختار فورس شاہین سکاوٹس، امن کمیٹی، ریسکیو 1122، ٹریفک پولیس نے فرائض انجام دیئے۔

بقیہ 41

ممبران کو کہا کہ وہ تحریری طور پر اپنی تجاویز سینڈ کریں اس موقعہ پر چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ وانتظامی کمیٹی لاہور ہای کورٹ سے مطالبہ کیا گیا کہ کوٹ نوٹسز کے اجرا کی پالیسی کو تبدیل کر کے سب میڈیا لسٹ اخبارات کو لسٹ میں شامل کیا جائے حکومت پاکستان اور تمام صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا گیا کہ ایڈورٹائزنگ ایجنسیز سے لوکل /ریجنل اخبارات کے بقایا جات دلوائے جائیں، اخبارات کے میڈیا لسٹ پراسس کو آسان بنایا جائے اور بوگس ABC سسٹم کو تبدیل کیا جائے، پریس کونسل آف پاکستان اور پریس رجسٹرار آفس کی فیسوں کو ختم کیا جائے، نیوز پرنٹ اور پرنٹنگ میٹریل کو ٹیکس فری کیا جائے اور مقامی /ریجنل اخبارات اشتہارات کے سرکاری ریٹ میں 35 فی صد اضافہ کیا جائے

بقیہ 42

لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، زخمی ہولے والے افراد کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں۔ سعودی عرب نے بھی باجوڑ خودکش دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں کہیں بھی پرتشدد کارروائیاں یا دہشت گردی ہو ہم مذمت کرتے ہیں۔ مشکل کی گھڑی میں حکومت پاکستان اور عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں جبکہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے بھی دعا گو ہیں۔

بقیہ 43

کے لئے جوڈیشل کمیشن بنانے کی درخواست لاہور ہائیکورٹ میں دائر کر دی گئی۔ مشکور حسین نے ندیم سرور ایڈووکیٹ کے توسط سے دائر درخواست میں موقف اپنایا ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سکینڈل میں یونیورسٹی کے چیف سکیورٹی افسر کو گرفتار کیا گیا ہے، عدالت معاملے کی انکوائری کے لئے جوڈیشل کمیشن یا ٹریبونل بنانے کا حکم دے۔ استدعا ہے کہ عدالت معاملے کی پیشرفت رپورٹ طلب کر کے خود تحقیقات کی نگرانی کرے۔

بقیہ 44

لاشیں اٹھائی ہیں اور سازش کے تحت مسلسل جے یو آئی کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے فوری طور پر حرکت میں آکر دہشت گردوں کو گرفتار کریں اور اس میں ملوث خفیہ ہاتھوں کو ظاہر کیا جائے

بقیہ 45

ندازی کی، اس کے باوجود معاملہ آگے بڑھا تو اس وقت کی نواز حکومت کے خلاف ریشہ دوانیاں شروع ہوگئیں وہ ان خیالات کا اظہار ہمارے نمائندہ سے کر رہے تھے، اس موقع پر ن لیگی سابق ایم پی اے اختر حسین بادشاہ، ایڈووکیٹ حمزہ اختر، اور شہاب الدین بھی تھے، انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف کا نام نہ ہی پاما لیکس میں تھا، دس سال قبل نواز شریف بیجنگ پہنچے چینی صدر شی جن پنگ زمام اقتدار سنبھال چکے تھے، وہ بڑی بے تابی سے نواز شریف کا انتظار کر رہے تھے

بقیہ 46

انسداد ڈینگی ٹیموں کی نگرانی موثر انداز سے کریں، انسداد ڈینگی ٹیموں کی طرف سے گھروں، جوہڑوں، تالابوں، نرسریوں، قبرستانوں، کاٹھ کباڑ شاپس اور سروس اسٹیشنز کی سرویلنس کریں، زیر تعمیر عمارتوں اور دیگر ہاٹ سپاٹ کی باقاعدگی سے چیکنگ کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ عوام کو انسداد ڈینگی احتیاطی تدابیر کے حوالے سے آگاہی دینے کیلئے بھرپور آگاہی مہم چلائی جائے جبکہ حکومتی احکامات کے مطابق ڈینگی کا باعث بننے والوں کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج بھی کروایا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ انسداد ڈینگی کے حوالے سے کسی قسم کی سستی یا کاہلی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 47

جانا تھا، منع کرنے پر ملزم سعید نے ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے عامر کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کی اہلیہ کی مدعیت میں تھانہ صدر واہ میں درج کیا گیا تھا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 48

پاکستان کی فضائی حدود سے متعلق ہدایات بالکل غیر ذمہ دارانہ ہیں، پاکستان کی فضائی حدود اور ایئر پورٹس دنیا کی تمام ایئر لائنز کے طیاروں کے لئے محفوظ ہیں۔

بقیہ 49

نگر میں عوام کو ماہ جولائی کے بلوں نے ذہنی مریض بنا دیا، غریب روٹی کیلئے مارے مارے پھر رہے ہیں، بھاری بھر بجلی کے بل کیسے ادا کریں، ایک سروے میں عوام کا کہنا ہے کہ واپڈا بجلی چوری کرنے والے اور مفت بجلی استعمال کرنے والے اشرافیہ پر تو ہاتھ نہیں ڈالتی، اور اپنی لائن لاسز کو پورا کرنے کے لئے غریبوں پر بوجھ ڈال کر ان کا استحصال کر رہی ہے۔ بجلی کے بلوں میں اضافہ پر شہریوں کی حکومت کو بد دعائیں، خالق نگر کی عوام نے کہا حکمران عوام کو ملک گیر احتجاج پر مجبور نہ کریں بجلی کے بلوں پر کیا جانے والا اضافہ واپس لیں، ایک صارف نے مطالبہ کیا کہ حکومت صارفین کو کارڈ دے میٹر ریڈر جب ریڈنگ لینے آئے تو صارف کے کارڈ پر تاریخ اور صرف شدہ یونٹ کا اندراج بھی کرے تاکہ صارف کو بھی اپنے میٹر کے بارے میں علم ہو، صارفین کی اکثریت یونٹ سسٹم ریٹ پر نالاں اور غصے میں بھرے دکھائی دیئے صارفین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ 300 یونٹ تک ریلیف دیا جائے۔

بقیہ 50

حکام کو دونوں ملزمان کو حراست میں لینے کا حکم دیدیا۔ تفتیشی افسر نے بتایا کہ سپریم کورٹ کے حکم کے پر مقدمہ درج ہوا تھا اس وقت منظور قادر کاکا ڈی جی ایس بی سی اے تھا، جس نے غیر قانونی طریقے سے زمین دی تھی، اس کے بعد منظور کاکا مفرور ہوگیا تھا۔ 26 تاریخ کو منظور کاکا نے عبوری ضمانت حاصل کی تھی آج اس میں توثیق کی درخواست دی تھی۔ اسپیشل جج نے منظور کاکا کی ضمانت منسوخ کی جس کے بعد ہم نے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ اب مزید کارروائی کر کے عدالت میں رپورٹ پیش کرینگے۔ عدالت نے منظور قادر کاکا کی 5 لاکھ روپے میں عبوری ضمانت منظور کی تھی۔ سپریم کورٹ نے نسلہ ٹاور کی غیر قانونی تعمیر کا نوٹس لے کر مقدمہ درج کرنے کا حکم دیا تھا۔ نسلہ ٹاور کو سپریم کورٹ کے حکم پر 2022 میں مسمار کر دیا گیا تھا۔

بقیہ 51

بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیر خزانہ نے کبھی نگران وزیراعظم بننے کی خواہش کا اظہار نہیں کیا۔ جبکہ اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی راجہ ریاض کے مطابق نگران وزیراعظم کیلئے اپنے ارکان کے علاوہ جماعت اسلامی سے بھی مشاورت ہوگی، جبکہ نگران وزیراعظم کیلئے جی ڈی اے ارکان سے بھی مشاورت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ نگران وزیراعظم کیلئے 3 نام تجویز کروں گا، کوشش ہے کہ تجویز کردوہ ناموں میں ماہر معیشت، سیاستدان اور ٹیکنو کریٹ شامل ہوں

بقیہ 52

میں ریکارڈ یافتہ ہیں، ملزمان کی فائرنگ کے باوجود دلیری سے مقابلہ کرتے ہوئے ڈاکوؤں کی گرفتاری پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی او سول لائنز اور مورگاہ پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال اور پولیس پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 53

کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے گی

بقیہ 54

خاموشی معنی خیز ہے، گٹروں اور نالوں کی صفائی کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتا، جس کی وجہ سے شہریوں کے گھروں میں پانی داخل ہونے پر سراپا احتجاج، رائیونڈ شہر میں، ڈین انسٹیٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ، پنجاب حکومت کے احکامات کو مقامی لوکل گورنمنٹ عملہ ہوا میں اڑا کر پورے شہر کو ہی مچھروں کی افزائش گاہ بنا دیا ہے، مچھروں کی افزائش سے نونہالوں، بوڑھے والدین کی نیدیں حرام بچوں میں متعدد موذی بیماریاں اور بڑوں کو نزلہ زکام بخار عام مقامی ہسپتالوں میں رش، اعلی حکام فوری نوٹس لیں شہر کے گٹروں کی صفائی، کھلے مین ہولوں پر ڈھکن لگائے جائیں شہریوں کو نکاس آب کی سہولت میسر کی جائے۔

بقیہ 55

اینڈ ریلیف آپریشن تاحال جاری۔ ریسکیو ٹیموں کی جانب سے دونوں دریاؤں کے 11 مختلف مقامات پر ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن کیا جا رہا ہے۔ دریائے ستلج پر 8 مقامات پر جبکہ دریائے راوی کے 3 مقامات پر ریسکیو پوسٹیں قائم ہیں۔ ریسکیو ٹیمیں 14 کشتیوں اور 40 سے زائد ریسکیورز کے ساتھ فلڈ ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن میں فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ دریائے ستلج پر 10 کشتیاں جبکہ دریائے راوی پر 4 کشتیوں کی مدد سے ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن کیا جا رہا ہے۔ دونوں دریاؤں پر اب تک 4258 سے زائد افراد کو مال و مویشیوں سمیت سیلابی پانی سے متاثرہ مقامات سے محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ جبکہ 2791 سے زائد افراد کو ٹرانسپورٹیشن کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

بقیہ 56

کی دفعات بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب جج کی اہلیہ کے مبینہ تشدد کا شکار زخمی گھریلو ملازمہ رضوانہ کی طبیعت گزشتہ روز دوبارہ خراب ہوگئی جس پر اسے آکسیجن لگا دی گئی تھی۔ پرنسپل پوسٹ گریجویٹ کالج پروفیسر الفرید ظفر نے بتایا کہ رضوانہ کی صبح 4 بجے اچانک طبیعت بگڑی تھی جس کو دوبارہ آکسیجن لگا دی گئی۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ حیران کن بات یہ ہے رضوانہ کی اچانک ہی طبیعت بگڑ جاتی ہے جبکہ گزشتہ روز اس کی طبیعت بہت بہتر تھی۔ رضوانہ خوشگوار موڈ میں بات کرتی رہی، گھر جانے کی ضد کر رہی تھی، میڈیکل بورڈ اس کی طبیعت بگڑنے کا جائزہ لے گا۔ کالج پرنسپل کا کہنا تھا کہ نگران وزیر صحت نے بھی رضوانہ کا معائنہ کر کے کچھ ادویات تبدیل کیں، رضوانہ کی طبیعت خراب ہوتی ہے تو دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ جب کہ میڈیکل بورڈ نے کمسن ملازمہ کو زہر دیئے جانے کا بھی انکشاف کیا ہے۔ لاہور کے جنرل اسپتال میں زیر علاج رضوانہ کے لیے اگلے 24 گھنٹے اہم قرار دیئے گئے ہیں۔ ڈاکٹرز کے مطابق رضوانہ کی حالت دوبارہ تشویشناک ہو چکی ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ ہارٹ اسپیشلسٹ بھی اب رضوانہ کا معائنہ کرے گا، اس کے پلیٹ لیٹس 12 ہزار سے بڑھ کر 24 ہزار ہوگئے ہیں اور جسم میں خون کی شرح 7 ہے۔ انہوں نے بتایا کہ خون کا یک دم بڑھانا بھی نقصان پہنچا سکتا ہے، رضوانہ کے جگر کے انفیکشن میں معمولی کمی آئی ہے جبکہ گردوں کا انفیکشن ختم ہو چکا ہے۔

بقیہ 57

ہوئے، مجموعی طور پر 28 جعلی کیسز سامنے آئے۔ پنجاب کے دیگر تعلیمی بورڈز کے نتائج فیصل آباد میں طلبا کی کامیابی کا تناسب 81.76، ڈی جی خان میں 86.37، بہاولپور میں 82.70 اور گوجرانوالہ میں 80.82 فیصد رہا، اسی طرح ملتان میں 85 فیصد، راولپنڈی 77.20، ساہیوال 78.76 اور سرگودھا میں 82.82 فیصد طلبا نے کامیابی سمیٹی۔

بقیہ 58

متنفر کر رہا ہے، ٹریڈنگ کرنے والے تاجران ان حالات میں %1 یا %2 منافع کما لیں تو غنیمت سمجھتے ہیں جبکہ حکومت نے ان ودھ ہولڈنگ ٹیکس کی شرح جو پہلے 5 . 4 فیصد تھی اس کو % 1 اضافہ کے ساتھ %5.5 کر دیا ہے جو کہ "مرے کا مارے شاہ مدار" کے مترادف ہے۔ ٹریڈنگ کرنے والے تاجر تو 1 سے 2 فیصد منافع پر اکتفا کریں

بقیہ 59

اور اقوام کے درمیان تعاون کی وکالت میں مستقل مزاج اور پرجوش تھے۔ مادام تساؤ میں آنجہانی محترمہ بےنظیر بھٹو کی موی شخصیت کی نقاب کشائی وہی لباس پہنتی ہے جو انہوں نے پاکستان کی وزیراعظم کے طور پر حلف لینے کے وقت پہنی تھی۔ روایتی تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے 1989 میں ایک نشست سے مجسمہ بنایا گیا تھا۔ یہ مجسمہ مادام تساؤ دبئی کے پہلے زون میں شاہی خاندانوں اور دنیا کے رہنماؤں کے موی شخصیات کے ساتھ رکھا جائے گا۔ سابق وزیراعظم بےنظیر بھٹو ایک پاکستانی سیاست دان اور ریاستی خاتون تھیں جنہوں نے 1988 سے 1990 اور پھر 1993 سے 1996 تک پاکستان کی 11 ویں اور 13 ویں وزیراعظم کے طور پر خدمات انجام دیں۔ وہ جدید تاریخ میں کسی بھی اسلامی ریاست کی پہلی خاتون رہنما تھیں اور ذوالفقار کی بیٹی تھیں۔ علی بھٹو، پاکستان کے سابق وزیراعظم (1971-1977)۔ اس موقع پر سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا، "مادام تساؤ کا کام ہمیں قابل ذکر افراد کی کامیابیوں اور شراکت کو منانے کی اجازت دیتا ہے جنہوں نے پوری دنیا میں نسلوں کو متاثر کیا۔ مجھے خوشی ہے کہ متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانی شہری اب مادام تساؤ دبئی میں سابق وزیراعظم بےنظیر بھٹو کی شکل دیکھ سکیں گے اور ان کے کارناموں کے بارے میں جان سکیں گے۔ مادام تساؤ دبئی کے جنرل مینیجر سناز کولسرود نے کہا کہ "ہمیں فخر ہے کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری اعداد و شمار کے انکشاف میں شرکت کرنے میں کامیاب ہوئے۔ ہمیں مادام تساؤ دبئی کی معزز شخصیات کی صف میں سابق وزیراعظم بےنظیر بھٹو کو شامل کرنے اور اپنے پاکستانی مہمانوں کے ساتھ ان کی شخصیت کا اشتراک کرنے پر خوشی اور عاجزی ہے۔

بقیہ 60

براستہ چمن کراچی سمگل کر رہے تھے جنہیں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ دوسری جانب خیبر کے علاقے جروبی زخاخیل میں سمگلنگ کی غرض سے چھپائی گئی 15 کلو چرس برآمد کر لی گئی ہے۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 61

والدہ کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم معاویہ کو گرفتار کر لیا، متاثرہ لڑکی کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، خواتین اور بچوں سے زیادتی ناقابل برداشت ہے

بقیہ 62

ہے جبکہ شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا۔ ضلع میں فلڈ ریلیف کیمپ قائم کیے گئے ہیں، لیویز اور دیگر ادارے امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں

بقیہ 63

دریائے نیلم میں ڈوب کر جاں بحق ہوا تھا جبکہ والد مرحوم شمشیر میر بھی دریائے نیلم کے کنارے درخت کے نیچے آکر جاں بحق ہوا۔ گاؤں بور پائن یونین کونسل لوات کے رہائشی تیرہ سالہ حسنین گزشتہ ہفتہ لکڑیاں پکڑتے ہوئے دریائے نیلم میں بہہ گیا تھا جسکی نعش ابھی تک نہ مل سکی، نعش کی تلاش کے لیے ورثا روزانہ کئی کلومیٹر دریائے نیلم کے کنارے تلاش کرتے ہیں۔

بقیہ 64

ڈویلپمنٹ کے وقت اپنا مکروہ حقیقی چہرہ دکھاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئی پی پی امید کرتی ہے کہ ریاستی مشینری ان عناصر کے خلاف حرکت میں آئے گی، ملک دشمن عناصر اور ان کے سرپرستوں کے خلاف سخت ایکشن لے گی۔

بقیہ 65

شراب، نیو ٹاؤن پولیس نے ملزم نوید سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم سعید سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم عثمان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 66

ظفر نے کہا کہ حیران کن بات یہ ہے رضوانہ کی اچانک ہی طبیعت بگڑ جاتی ہے جبکہ گزشتہ روز اس کی طبیعت بہت بہتر تھی۔ رضوانہ خوشگوار موڈ میں بات کرتی رہی، گھر جانے کی ضد کر رہی تھی، میڈیکل بورڈ اس کی طبیعت بگڑنے کا جائزہ لے گا۔ کالج پرنسپل کا کہنا تھا کہ نگران وزیر صحت نے بھی رضوانہ کا معائنہ کر کے کچھ ادویات تبدیل کیں، رضوانہ کی طبیعت خراب ہوتی ہے تو دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ جب کہ میڈیکل بورڈ نے کمسن ملازمہ کو زہر دیئے جانے کا بھی انکشاف کیا ہے۔ لاہور کے جنرل اسپتال میں زیر علاج رضوانہ کے لیے اگلے 24 گھنٹے اہم قرار دیئے گئے ہیں۔ ڈاکٹرز کے مطابق رضوانہ کی حالت دوبارہ تشویشناک ہو چکی ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ ہارٹ اسپیشلسٹ بھی اب رضوانہ کا معائنہ کرے گا، اس کے پلیٹ لیٹس 12 ہزار سے بڑھ کر 24 ہزار ہوگئے ہیں اور جسم میں خون کی شرح 7 ہے۔ انہوں نے بتایا کہ خون کا یک دم بڑھانا بھی نقصان پہنچا سکتا ہے، رضوانہ کے جگر کے انفیکشن میں معمولی کمی آئی ہے جبکہ گردوں کا انفیکشن ختم ہو چکا ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ ایک سائیکالوجسٹ بھی رضوانہ کے علاج کرنے والوں میں شامل ہے، رضوانہ کی روزانہ کونسلنگ اور مرہم پٹی کی جا رہی ہے، کونسلنگ سے اس کے ڈر اور خوف میں بھی بہتری آئی ہے۔

نوجوان مایوس نہ ہوں، ملک کا مستقبل تابناک ہے، مصدق ملک

پاکستان میں معدنیاتی مٹی کی قیمت 6.1 ٹریلین ڈالر ہے، ملک بے شمار معدنیات سے مالا مال ہے، وزیر مملکت برائے پیٹرولیم

لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں مزدور طبقہ بہت ہے، ان کو ملازمت فراہم کریں گے، ہم اس مٹی سے عوام کو فائدہ پہنچائیں گے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ آخری کچھ دن رہ گئے ہیں، گنتی گن رہے ہیں، نوجوان مایوس نہ ہوں، ملک کا مستقبل تابناک ہے۔ مصدق ملک نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں معدنیاتی مٹی کی قیمت 6.1 ٹریلین ڈالر ہے، ملک بے شمار معدنیات سے مالا مال ہے، معدنیات کی مائننگ سے سب سے زیادہ فائدہ غریب عوام کو ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم معدنیاتی مٹی کو آگ میں جلا کر اس میں سے دھات نکالیں گے، بلوچستان میں چھوٹی چھوٹی فیکٹریاں لگائیں گے، جہاں جہاں مائننگ ہوگی اس کو گوادر پورٹ سے منسلک کریں گے، ہم نے ترقی کا سفر طے کرنا ہے مٹی کا سفر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ معدنیات کے انقلاب سے ملک میں روزگار کے بیشمار مواقع پیدا ہوں گے، اگر 100 (بقیہ نمبر 32)

لاہور: نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن رضا نقوی اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آسمان کو چھوتے بجلی کے بھاری بھرکم بلوں نے شہریوں کی چیخیں نکلوا دیں

بجلی کے حالیہ آنے والے بھاری بھرکم بلوں نے شہریوں کی چیخیں نکلوا دیں شہریوں میں مایوسی کی لہر دوڑ گی

بجلی کی قیمت میں 4روپے سے 7روپے تک فی یونٹ اضافہ کرنے سے غریب دیہاڑی متواسط طبقہ بری طرح متاثر

گوجر خان (قمر شہزاد) بجلی کے حالیہ آنے والے بھاری بھرکم بلوں نے شہریوں کی چیخیں نکلوا دیں شہریوں میں مایوسی کی لہر دوڑ گی، روز بروز بڑھتی مہنگائی نے عوام کا بھرکس نکال کر رکھ دیا آٹا، چینی اور اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ بجلی، گیس کے نرخ بھی آسمان کو چھونے لگے عوام پر نت نئے ٹیکس لگانے کے لیے مختلف حیلوں بہانوں سے راستے تلاش کیے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار شہریوں نے حالیہ بجلی کے نرخوں میں اضافے پر اپنے ردعمل میں کیا ان کا کہنا تھا کہ بجلی کی قیمت میں 4روپے سے 7روپے تک فی یونٹ اضافہ کرنے سے غریب دیہاڑی متواسط طبقہ بری طرح متاثر ہوا متواسط دیہاڑی دار طبقے کے لوگوں کا کہنا ہے کہ ہم لوگ بجلی کے بل جمع کروائیں یا اپنے گھر کا راشن پورا کریں پی ڈی ایم ٹولہ ہم غریبوں سے دو وقت کی روٹی کا نوالہ (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

باجوڑ دھماکا؛ باپ بیٹا دونوں ایک ساتھ دنیا سے رخصت

گزشتہ روز ہونے والے خودکش دھماکے میں شہدا کی تعداد 44 ہوگئی

پشاور (جنرل رپورٹر) باجوڑ دھماکے میں مقامی سیکریٹری اطلاعات جمعیت علماء اسلام حاجی مجاہد اور ان کے بیٹے ضیاء الدین بھی شہید ہوگئے تھے۔ خودکش حملے کے بعد دونوں گھر واپس نہ آئے، دونوں باجوڑ ورکر کنونشن میں گزشتہ روز شرکت کرنے گئے تھے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز باجوڑ میں جے یو آئی ف کے ورکر کنونشن کے دوران خودکش دھماکا ہوا جس میں اب تک 44 افراد شہید ہو چکے ہیں۔ خودکش حملے کے بعد دونوں گھر واپس نہ آئے، دونوں باجوڑ ورکر کنونشن میں گزشتہ روز شرکت کرنے گئے تھے۔ واضح (بقیہ نمبر 36)

شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے مقدمہ میں نامزد ملزم گرفتار

ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، وقاص خان

شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدر واہ پولیس کی کارروائی، شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے مقدمہ میں نامزد ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے کے مقدمہ میں نامزد ملزم سعید کو گرفتار کر لیا، ملزم سعید کا مقتول عامر کے گھر آنا جانا تھا، منع کرنے پر ملزم سعید نے ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے عامر کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کی اہلیہ کی مدعیت میں تھانہ صدر واہ میں درج کیا گیا تھا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ صدر واہ پولیس کی کارروائی، شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے مقدمہ میں نامزد ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے کے مقدمہ میں نامزد ملزم سعید کو گرفتار کر لیا، ملزم سعید کا مقتول عامر کے گھر آنا (بقیہ نمبر 47)

سپریم کورٹ آف پاکستان
Supreme Court
Of Pakistan

اسلام آباد: سپریم کورٹ: کیمیکل والا دودھ فروخت کرنیوالے 3 ملزمان کی درخواست ضمانت خارج

اسمبلیوں کی تحلیل اور نگران سیٹ اپ کا تقرر، ن لیگ کی اتحادیوں سے مشاورت مکمل

اسمبلیاں 9 اگست کو تحلیل ہوں گی، سیاسی جماعتوں کی اکثریت نے نگران وزیراعظم کیلئے سیاسی شخصیت کے تقرر کی حمایت کی

تمام جماعتوں نے نگران وزیراعظم کیلئے 5 ناموں پر اتفاق کیا، اکثریت نے نگران وزیراعظم کیلئے سیاسی شخصیت کے تقرر کی حمایت کر دی

اسلام آباد (خبر نگار) اسمبلیوں کی تحلیل اور نگران سیٹ اپ کی تقرری کے معاملے پر مسلم لیگ ن نے اتحادی جماعتوں سے مشاورت مکمل کر لی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی اور جے یو آئی سمیت تمام جماعتوں نے نگران وزیراعظم کیلئے 5 ناموں پر اتفاق کیا ہے، حتمی فیصلہ وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر راجہ ریاض کی ملاقات میں کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق کہ اسمبلیاں 9 اگست کو تحلیل ہوں گی، سیاسی جماعتوں کی اکثریت نے نگران وزیراعظم کیلئے سیاسی شخصیت کے تقرر کی حمایت کی، جبکہ سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کا نام بھی نگران وزیراعظم کیلئے زیر غور رہا۔ دوسری جانب وزیر دفاع خواجہ نے کہا ہے کہ نگران وزیراعظم کیلئے پیپلز پارٹی سے 4 روز قبل میٹنگ ہوئی، میٹنگ میں 4 سے 5 ناموں پر اتفاق ہوا۔ مشاورت کے بعد نگران وزیراعظم کے نام قیادت کے پاس چلے جائیں گے، جو ہم نے نام دیئے ہیں ان میں کوئی بیوروکریٹس نہیں، جو نام ہم نے تجویز کئے ان میں عام شہری شامل ہیں جن کی اچھی ساکھ ہے۔ وزیر دفاع نے بتایا کہ ایک کا تعلق سیاست کے ساتھ ہے اور ایک شخصیت کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ 9 اگست کو اسمبلیاں تحلیل ہونے کی تاریخ مقرر ہے، نگران حکومت بننے کے 90 روز کے اندر انتخابات ہوں گے۔ خواجہ آصف نے اسحاق ڈار کے نگران وزیراعظم بننے کی خبروں پر (بقیہ نمبر 51)

موٹر سائیکل سوار 03 ڈاکوؤں کی گزشتہ رات ڈولفن پولیس پر فائرنگ

مورگاہ کے علاقہ میں، فائرنگ کے دوران زخمی ڈاکو سمیت تینوں ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا

شہریوں کے جان و مال اور پولیس پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (خبر نگار) مورگاہ کے علاقہ میں موٹر سائیکل سوار 03 ڈاکوؤں کی گزشتہ رات ڈولفن پولیس پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران زخمی ڈاکو سمیت تینوں ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا، اسلحہ برآمد، ملزمان قبل ازیں ڈکیتی اور کار چوری کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈولفن پولیس نے مشکوک موٹر سائیکل کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی، فائرنگ کے دوران زخمی ڈاکو سمیت تینوں ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا، گرفتار ڈاکوؤں کی شناخت ظہور، رضوان اور افتخار کے ناموں سے ہوئی ہے، ملزمان سے اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان قبل ازیں ڈکیتی اور کار چوری کے مقدمات (بقیہ نمبر 52)

چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

اشتہاری مجرم سال 2020 سے ٹیکسلا پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی پوٹھوہار

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار، تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم ناصر کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سال 2020 سے ٹیکسلا پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان اور انکے سہولت کاروں کے خلاف (بقیہ نمبر 53)

لاہور: باجوڑ دھماکہ ملک کے امن و امان کو تباہ کرنے کی سازش ہے: فردوس عاشق اعوان کی گفتگو

باجوڑ دھماکہ ملک کے امن و امان کو تباہ کرنے کی سازش ہے، فردوس عاشق

دھماکے میں شہید ہونے والوں کے بلند مرتبے کے لئے دعا گو ہیں، دعا ہے کہ اللہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے

باجوڑ خودکش حملے کے پیچھے وہی ملک دشمن عناصر ہیں جو ملکی میں مثبت ڈویلپمنٹ کے وقت اپنا مکروہ حقیقی چہرہ دکھاتے ہیں، ترجمان استحکام پاکستان

لاہور (خصوصی رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات فردوس عاشق اعوان نے گزشتہ روز باجوڑ میں جے یو آئی (ف کے کنونشن پر ہونے والے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ فردوس عاشق اعوان نے ایک بیان میں کہا کہ استحکام پاکستان پارٹی جے یو آئی) ف (کے کنونشن پر خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے، باجوڑ دھماکہ ملک کے امن و امان کو تباہ کرنے کی سازش ہے، دھماکے میں شہید ہونے والوں کے بلند مرتبے کے لئے دعا گو ہیں، دعا ہے کہ اللہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، دہشت گردی کی سرکوبی کے لئے وردی ہمیشہ کی طرح اب بھی برسرپیکار ہے، ملک میں آنے والی خوشحالی اور ہریالی کی وجہ سے دشمن بے چین و مضطرب ہے، دشمن بزدلانہ کارروائیوں سے ملکی امن و امان کو خراب کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ترجمان استحکام پاکستان پارٹی نے کہا کہ باجوڑ خودکش حملے کے پیچھے وہی ملک دشمن عناصر ہیں جو ملکی میں مثبت (بقیہ نمبر 64)

نواز شریف کے استقبال کیلئے لاہور کو منتخب کئے جانے کا امکان

سابق وزیراعظم آئندہ 48 گھنٹوں میں لندن واپس پہنچیں گے

وطن واپسی کا اعلان لندن میں پریس کانفرنس کے دوران کیا جائے گا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) نواز شریف کی وطن واپسی پر استقبال کیلئے لاہور کو منتخب کئے جانے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قائد مسلم لیگ ن نواز شریف یورپ کے دورے کے بعد آئندہ 48 گھنٹوں میں لندن واپس پہنچیں گے، نواز شریف وطن واپسی کا اعلان لندن میں پریس کانفرنس کے دوران کریں گے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف کی وطن واپسی پر بڑے پیمانے پر دیگر جماعتوں کے رہنمان لیگ میں شمولیت اختیار کریں گے، مسلم لیگ ن 30 فیصد نئے چہروں کے ساتھ آئندہ انتخابات میں (بقیہ نمبر 35)

باجوڑ دھماکے کے بعد اسلام آباد میں سیکیورٹی سخت کر دی گئی

ہائی سیکیورٹی زون میں سرینا اور ایکسپریس چوک سے گاڑیاں داخل ہو سکتی ہیں

شہری پولیس سے تعاون، شناختی دستاویزات پاس رکھیں، اسلام آباد پولیس

باجوڑ (خبر نگار) باجوڑ دھماکے کے بعد اسلام آباد میں سیکیورٹی سخت کر دی گئی۔ ترجمان اسلام آباد پولیس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ باجوڑ دھماکے کے بعد ضلع بھر میں سیکیورٹی چیکنگ سخت کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائی سیکیورٹی زون کے علاوہ شہر بھر کے تمام راستے کھلے ہیں، ہائی سیکیورٹی زون میں سرینا اور ایکسپریس چوک سے گاڑیاں داخل ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر بھر میں تمام معاملات معمول کے مطابق ہیں، شہریوں سے گزارش ہے اپنی شناختی دستاویزات ساتھ رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 34)

سخت سیکورٹی میں 12 محرم الحرام کا جلوس برآمد، جلوس کے مناظر

سخت سیکورٹی میں 12 محرم الحرام کا جلوس برآمد

شاہین سکاؤٹس، امن کمیٹی، ریسکیو 1122، ٹریفک پولیس نے فرائض انجام دیئے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) مرکزی جلوس امام بارگاہ قصر عباس بسم اللہ آباد زیر قیادت متولی امام بارگاہ قصر عباس علیہ سلام پروفیسر عارفین حیدر و دیگر علما کرام کی سرپرستی میں برآمد ہوا جو اپنے مقررہ راستوں میر حیدر کالونی، برف خانہ چوک، سے ہوتا ہوا امام بارگاہ قصر شبیر ڈھوک سیداں چوک پہنچ کر اختتام پزیر ہوا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لئے مکمل منصوبے کے تحت جلوس کے راستوں میں گلیوں، مارکیٹوں اور گھروں کی چھتوں پر اہلکار تعینات کئے جبکہ جلوس (بقیہ نمبر 40)

نگران وزیراعظم سیاستدان ہوگا مگر کون ہوگا ابھی فیصلہ نہیں ہوسکا، رانا تنویر حسین

مریدکی (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت مقررہ وقت پر ختم ہوجائے گی، نگران وزیراعظم سیاستدان ہوگا مگر کون ہوگا ابھی فیصلہ نہیں ہوسکا۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کالا شاہ کاکو میں یونیورسٹی ٹاور کمپلیکس کا افتتاح اور طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کے بعد خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے انکا کہنا تھا و (بقیہ نمبر 39)

سنا ہے کہ میرے خلاف ایک اور جعلی ایف آئی آر کاٹی گئی ہے۔ مونس الٰہی

ایف آئی آر کے مطابق میرے خلاف ایم پی اے کے امیدوار پر قاتلانہ حملہ ہوا

گل اگر اِس قِسم دے بھونڈے مقدماں تے آ گئی اے تے فیر تُسی صلح ہی کر، مونس الٰہی کا ٹویٹ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مونس الٰہی کا کہنا ہے کہ سنا ہے کہ میرے خلاف ایک اور جعلی ایف آئی آر کاٹی گئی ہے۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ ایف آئی ار میں کہا گیا کہ کہ اپریل میں پنجاب میں جو الیکشن ہونے تھے اس میں میرے خلاف ایم پی اے کے امیدوار پر جولائی کے آخر میں قاتلانہ حملہ ہوا ہے۔ کہا گیا کہ اس امیدوار کو دھمکی یہ لگائی ہے کہ تم مونس الٰہی کے خلاف الیکشن کیوں لڑ رہے ہو۔ مونس الٰہی نے طنز کرتے ہوئے کہا کہ گل اگر اِس قِسم دے بھونڈے مقدماں تے آ گئی اے تے فیر تُسی صلح ہی کر لو۔ قبل ازیں مونس الٰہی نے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) پر طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایف آئی اے کی اہلیت سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ اپنے ٹوئٹر بیان میں مونس الٰہی نے کہا کہ ایف آئی اے نے میرے خلاف عدالت میں چالان پیش کر دیا ہے، چالان کے تحت میں نے منی لانڈرنگ کیلئے کمپنی بنائی، جنرل میڈ بیٹرین (بقیہ نمبر 38)

جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی، اشتہاری مجرم سمیت 8 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے شہر کے مختلف تھانوں کی حدود میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری سمیت 8 ملزمان گرفتار کر لئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم ناصر کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سال 2020 سے (بقیہ نمبر 37)

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت انسداد ڈینگی کا اجلاس، ڈینگی ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا

جھنگ (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عبداللہ خرم نیازی کی زیر صدارت انسداد ڈینگی کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں محکمہ صحت سمیت دیگر تمام متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے۔ اجلاس میں ڈینگی مچھر کی افزائش کی روک تھام اور اس حوالہ سے اٹھائے گئے اقدامات اور ڈینگی ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ افسران کی طرف سے انسداد ڈینگی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انسداد ڈینگی ٹیمیں تمام ہاٹ سپاٹس کو کلیئر کریں، تمام متعلقہ افسران (بقیہ نمبر 46)

نواز شریف کو سزا کا حکم سنانے والے تمام کردار بے نقاب ہو رہے ہیں، شبیر احمد عثمانی

کاہنہ (جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء وزیراعظم کے معاون خصوصی مذہبی امور شبیر احمد عثمانی کے کہا کہ مسلم لیگ ن کے قائد سابق وزیراعظم کی سزا ایک معمہ بن گئی دنیا بھر میں پاکستان کی رسوائی اور قانون کا مذاق اڑایا جا رہا ہے، میاں نواز شریف کو سزا کا حکم سنانے والے تمام کردار بے نقاب ہو رہے ہیں، سی پیک پر عملدرآمد شروع ہونے میں بیوروکریسی نے رخنہ ا (بقیہ نمبر 45)

باجوڑ میں جے یو آئی کے ورکرز کنونشن میں دھماکے کے خلاف جے یو آئی کا جیکب آباد میں احتجاج

جیکب آباد (جنرل رپورٹر) جیکب آباد میں جے یو آئی نے باجوڑ میں پارٹی کے ورکرز کنونشن میں ہونے والے دھماکے میں درجنوں کارکنان کے شہید و زخمی ہونے پر شدید احتجاج کیا۔ جے یو آئی ضلع جیکب آباد کے امیر ڈاکٹر اے جی انصاری نے غم و غصہ کے اظہار کرتے ہوئے واقعے میں ملوث دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کیا، انہوں نے کہا کہ ہمیشہ جے یو آئی نے حق کی پاداش میں (بقیہ نمبر 44)

APRNS مقامی/ریجنل اخبارات کے اشتہارات کے ریٹس میں 35٪ اضافہ کیا جائے

میڈیا کمیشن بنا کر قومی میڈیا پالیسی بنائی جائے، میڈیا کو فلاحی صنعت کا درجہ دیا جائے، آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی

فوری طور پر مشاورت سے میڈیا کمیشن تشکیل دیا جائے جو تمام اسٹیک ہولڈر کی مشاورت سے قومی میڈیا پالیسی کا اعلان کرے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS نے رابطہ مہم کا اغاز کر دیا اور پرنٹ میڈیا کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مشاورت شروع کر دی اس سلسلہ میں صدر APRNS غلام مرتضی جٹ نے پشاور kpk کے اخبارات کے ذمہ داران سے مشاورت کی اس موقعہ پر حکومت پاکستان اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا گیا کہ فوری طور پر مشاورت سے میڈیا کمیشن تشکیل دیا جائے جو تمام اسٹیک ہولڈر کی مشاورت سے قومی میڈیا پالیسی کا اعلان کرے اور میڈیا کو فلاحی صنعت کا درجہ دے ، رابطہ مہم کے سلسلہ میں صدر APRNS غلام مرتضی جٹ نے (بقیہ نمبر 41)

لاہور: پی ٹی آئی نے اسحاق خٹک اور عمران خٹک کی پارٹی رکنیت ختم کر دی

او آئی سی، سعودیہ کی باجوڑ دھماکے کی مذمت

جاں بحق افراد کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، حسین ابراہیم طہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) او آئی سی اور سعودی عرب نے باجوڑ دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سیکرٹری جنرل او آئی سی حسین ابراہیم طہ نے ایک بیان میں باجوڑ دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ او آئی سی دہشت گردی کے واقعے کی پرزور مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا خودکش دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس ہوا، (بقیہ نمبر 42)

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سکینڈل، جوڈیشل کمیشن کے لئے درخواست دائر

لاہور (سٹی رپورٹر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سکینڈل کی انکوائری کے لئے جوڈیشل کمیشن بنانے کی درخواست دائر کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سکینڈل کی انکوائری (بقیہ نمبر 43)

یورپین طیارے پاکستان میں 26 ہزار فٹ سے اوپر پرواز کریں، ایاسا

ایاسا کی پاکستان کی فضائی حدود سے متعلق ہدایات بالکل غیر ذمہ دارانہ ہیں، عمران اسلم خان

کراچی (جنرل رپورٹر) ایاسا نے پاکستانی فضائی حدود سے متعلق ایئرلائنز کو نئی ہدایت جاری کر دیں۔ ایاسا نے یورپین ایئرلائنز کو پاکستانی فضائی حدود میں ممکنہ خطرے سے آگاہ کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ وہ کراچی اور لاہور کے اوپر سے پرواز کرتے احتیاط اور 26 ہزار فٹ سے اوپر پرواز کریں، شہروں کی حدود میں طیاروں کو غیر معمولی صورتحال درپیش آ سکتی ہے۔ ترجمان پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے کہا ہے کہ ایاسا کی ہدایات معمول کی ہیں، پاکستانی فضائی حدود ہر قسم کی کمرشل پروازوں کے لئے محفوظ ہے۔ بانی ایئر کرافٹ اونرز آپریٹرز ایسوسی ایشن عمران اسلم خان نے کہا ہے کہ ایاسا کی (بقیہ نمبر 48)

نسلہ ٹاور کیس میں سابق ڈی جی ایس بی سی اے منظور کاکا گرفتار

سرکاری وکیل نے موقف دیا کہ منظور قادر کاکا نے نسلہ ٹاور کا غیر قانونی طور پر نقشہ پاس کیا تھا

کراچی (اسپیشل رپورٹر) اسپیشل جج صوبائی اینٹی کرپشن نے نسلہ ٹاور کو اضافی زمین غیر قانونی طور پر الاٹ کرنے کے مقدمے میں سابق ڈی جی ایس بی سی اے منظور کاکا سمیت 2 ملزمان کی ضمانت منسوخ کر دی۔ ضمانت منسوخ ہونے پر اینٹی کرپشن پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ کراچی میں اسپیشل جج صوبائی اینٹی کرپشن کی عدالت کے روبرو نسلہ ٹاور کی زمین سے متعلق غیر قانونی الاٹمنٹ کے مقدمے میں سابق ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی منظور قادر کاکا اور خیر محمد کی عبوری ضمانت میں توثیق کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ سرکاری وکیل کی جانب سے ملزم منظور قادر کاکا کی عبوری ضمانت میں توثیق پر اعتراض کیا گیا تھا۔ سرکاری وکیل نے موقف دیا کہ منظور قادر کاکا نے نسلہ ٹاور کا غیر قانونی طور پر نقشہ پاس کیا تھا۔ منظور قادر کاکا اور دیگر ملزمان پر نسلہ ٹاور کی زمین 700 گز سے بڑھا کر 1100 مربع گز کرنے کا الزام ہے۔ وکیل صفائی نے موقف دیا کہ منظور قادر کاکا پر لگائے الزامات غلط ہیں۔ میری استدعا ہے کہ منظور قادر کاکا کی عبوری ضمانت میں توثیق کی جائے۔ عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے سابق ڈی جی سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی منظور قادر کاکا اور خیر محمد کی ضمانت منسوخ کر دی۔ عدالت نے اینٹی کرپشن (بقیہ نمبر 50)

واپڈا سب ڈویژن صوفیہ آباد میں بجلی کے بلوں نے عوام کی چیخیں نکلوا دیں، عوام سراپا احتجاج

لاہور (خبر نگار) بجلی کے بلوں نے عوام کی چیخیں نکلوا دیں، واپڈا نے زائد یونٹ ڈالنے کا ٹیکنیکل طریقہ ڈھونڈ لیا میٹر ریڈرز مقررہ تاریخ سے کچھ دن لیٹ ریڈنگ کرنے لگے لیٹ ریڈنگ سے صوفیہ آباد سب ڈویژن واپڈا کے ہزاروں صارفین کی جیبوں پر سرکاری سرپرستی میں کھلے عام ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، تفصیلات کے مطابق خالق (بقیہ نمبر 49)



پشاور: پولیس کو مطلوب پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی جدہ پہنچ گئے

پنجاب میٹرک امتحانات کے نتائج کا اعلان، لڑکیاں پھر بازی لے گئیں

لاہور بورڈ میں 1100 میں سے سب سے زیادہ 1091 نمبر پرائیویٹ امیدوار طوبیٰ اعظم نے حاصل کیے

لاہور بورڈ میں کامیابی کا تناسب 74 فیصد سے زائد رہا، میٹرک کے امتحانات بہتر ماحول میں منعقد ہوئے، سپیشل سیکرٹری ہائر ایجوکیشن

لاہور (خبر نگار) لاہور سمیت پنجاب کے دیگر تعلیمی بورڈز نے میٹرک کے سالانہ امتحانات 2023 کے نتائج کا اعلان کر دیا، لڑکیوں نے ایک بار پھر میدان مار لیا۔ لاہور بورڈ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے میٹرک کے سالانہ امتحانات میں 2 لاکھ 30 ہزار 915 طلبا نے حصہ لیا، سالانہ امتحانات میں ایک لاکھ 72 ہزار 204 طلبا پاس ہوئے جبکہ 57 ہزار کے قریب امیدوار دسویں جماعت کے امتحانات میں فیل قرار پائے۔ لاہور بورڈ میں 1100 میں سے سب سے زیادہ 1091 نمبر پرائیویٹ امیدوار طوبیٰ اعظم نے حاصل کیے، 1090 نمبروں کیساتھ پرائیویٹ امیدوار محمد عبداللہ دوسرے نمبر پر رہے، حادیہ نور 1089 نمبروں کیساتھ تیسرے نمبر پر رہیں، لاہور بورڈ میں پہلی تینوں پوزیشنز پر پرائیویٹ امیدواروں نے حاصل کیں۔ سپیشل سیکرٹری ہائر ایجوکیشن آغا علی عباس نے بتایا ہے کہ لاہور بورڈ میں کامیابی کا تناسب 74 فیصد سے زائد رہا، میٹرک کے امتحانات بہتر ماحول میں منعقد (بقیہ نمبر 57)

ودھ ہولڈنگ ٹیکس میں اضافہ تاجروں کو نظام سے متنفر کر رہا ہے، راجہ عدیل

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان انڈسٹریل اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشنز فرنٹ (پیاف) کے سینئر وائس چیئرمین راجہ عدیل سابق ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے کہا ہے کہ ودھ ہولڈنگ ٹیکس میں اضافہ تاجروں کو نظام سے (بقیہ نمبر 58)

میٹرک کے نتائج کا اعلان۔ علاقہ بھر میں دارارقم سکول حبیب آباد کی شاندار کامیابی

تجلہ افضل نے 1082 نمبر حاصل کر کے اپنا، والدین، اساتذہ اور سکول کا نام روشن کر دیا

تعلیمی بورڈ لاہور کی جانب سے میٹرک کے سالانہ امتحانات 2023 کے نتائج کا اعلان

حبیب آباد (سٹاف رپورٹر) اعلان کردہ میٹرک کے سالانہ امتحانات کے نتائج کے مطابق دارارقم سکول حبیب آباد کیمپس کی طالبہ تجلہ افضل ولد محمد افضل نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 1082 نمبر حاصل کر کے علاقہ بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کی جبکہ مناہل نے 1039، حمنہ رسول 1033، ماریہ سرفراز 1018، علیزہ اقبال 998 اور فضا نے 974 نمبر حاصل کیے۔ امتحان میں شریک سکول کے تمام طلبا و طالبات اچھے نمبروں کے ساتھ کامیاب رہے۔ سکول کی مثالی کارکردگی اور سو فیصد رزلٹ آنے پر ادارے کے ڈائریکٹر رانا محمد ندیم اختر اور رانا سلیم اختر، پرنسپل جناب حسن علی قاسم صاحب اور سکول کے اسٹاف ممبران میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ شہر کی سیاسی و سماجی تنظیموں نے سکول انتظامیہ کو مبارک باد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سکول انتظامیہ کی بھرپور دلچسپی اور کوالیفائیڈ اسٹاف کی انتھک محنت اور کاوش سے دارارقم سکول حبیب آباد اس وقت علاقے کا مثالی ادارہ بن چکا ہے۔

رائیونڈ شہر حالیہ بارشوں کا غلیظ پانی گلیوں بازاروں میں کھڑا ہونے سے مچھر کی افزائش گاہ بن چکا

رائیونڈ (نیوز رپورٹر) رائیونڈ بین الاقوامی شہر حالیہ بارشوں کا غلیظ پانی گلیوں بازاروں میں کھڑا ہونے سے مچھر کی افزائش گاہ بن چکا ہے، گذشتہ روز ماتمی جلوس کے راستوں میں برساتی پانی گٹروں سے ابلنے والا جلوس کے شرکاء کے لیئے وبال جان بن گیا ہر شہری سی یونٹ کی بے حسی پر مذمت کر رہا، گٹر اور نالے گندگی سے اٹے پڑے ہیں اسسٹنٹ کمشنر کی (بقیہ نمبر 54)

ضلع اوکاڑہ کے دونوں دریاؤں پر سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو 1122 کی جانب سے امدادی کارروائیاں تاحال جاری

اوکاڑہ (جنرل رپورٹر) دریائے ستلج اور دریائے راوی میں پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال میں ریسکیو 1122 کی جانب سے ریسکیو (بقیہ نمبر 55)

دریائے نیلم میں ڈوبنے والے بورگاؤں کے تیرہ سالہ بچے کی نعش 8 روز بعد بھی نہ مل سکی

نیلم (جنرل رپورٹر) بورگاؤں کے تیرہ سالہ بچے کی نعش 8 روز بعد بھی نہ مل سکی، حسنین لکڑیاں پکڑتے دریائے نیلم میں ڈوب گیا تھا۔ ورثا نعش کی تلاش میں، ماں سمیت پورا خاندان صدمے سے نڈھال ہے۔ حسنین کا بڑا بھائی بھی (بقیہ نمبر 63)

کمسن ملازمہ پر تشدد، جج کی اہلیہ کے خلاف مقدمے میں اقدامِ قتل کی دفعہ شامل کر دی گئی

لاہور (نیوز رپورٹر) جج کی اہلیہ کے گھریلو ملازمہ پر تشدد کے مقدمے میں پولیس نے اقدامِ قتل سمیت مزید دفعات بھی شامل کر دیں۔ گھریلو ملازمہ کی میڈیکل رپورٹ آنے کے بعد مقدمے کی دفعات میں اضافہ کر دیا گیا۔ تھانہ ہمک میں درج مقدمے میں اقدام قتل کی دفعہ بھی شامل کر دی گئی جب کہ جسم کے بیشتر اعضا کی ہڈیوں کو توڑنے (بقیہ نمبر 56)

مادام تساؤ دبئی میں بے نظیر بھٹو کا مومی مجسمہ نصب

مادام تساؤ دبئی میں بے نظیر بھٹو پہلی پاکستانی شخصیت ہیں جن کا مجسمہ رکھا گیا ہے

دبئی (نیوز ڈیسک) مادام تساؤ دبئی میں بے نظیر بھٹو کا مومی مجسمہ نصب مادام تساؤ دبئی میں بے نظیر بھٹو پہلی پاکستانی شخصیت ہیں جن کا مجسمہ رکھا گیا ہے۔ بینظیر بھٹو مسلم دنیا کی پہلی خاتون وزیراعظم تھیں۔ پاکستان کی سابق وزیراعظم بے نظیر بھٹو کی مومی شخصیت کا انکشاف آج مادام تساؤ دبئی میں منعقدہ ایک سرکاری تقریب میں کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان کے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری بھی موجود تھے۔ یو اے ای میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی، سفارتخانہ اور قونصلیٹ جنرل آف پاکستان کے سینئر حکام اور کمیونٹی کے ممتاز افراد بھی موجود تھے۔ اس موقع پر اپنے ریمارکس میں وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے روشنی ڈالی کہ موم کا مجسمہ محترمہ بے نظیر بھٹو کو ایک مناسب خراج عقیدت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم دنیا کی پہلی خاتون وزیراعظم ہونے کے ناطے ان کی میراث نوجوان نسل خصوصاً خواتین کو متاثر کرتی رہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے سابق وزیراعظم بین الاقوامی فورمز پر امن، استحکام (بقیہ نمبر 59)

بلوچستان میں موسلا دھار بارشیں، مختلف علاقوں میں سیلابی صورتحال

ضلع بھر میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے جبکہ شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) شمال مشرقی اور وسط جنوبی بلوچستان میں موسلا دھار بارشیں جاری ہیں جس کے باعث سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی۔ صوبے کے مختلف علاقوں نصیر آباد، جھل مگسی، کچھی اور ڈیرہ بگٹی میں گزشتہ چار روز سے کہیں ہلکی اور موسلا دھار بارشیں وقفے وقفے سے جاری ہیں۔ گنداواہ شہر گزشتہ 6 روز سے بجلی کی سہولت سے محروم ہے جبکہ خاران میں سیلابی ریلوں کے باعث مختلف علاقوں میں ایک ہزار سے زائد مکانات کو نقصان پہنچا ہیڈی سی خاران کے مطابق ضلع بھر میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی (بقیہ نمبر 62)

نصیر آباد پولیس کی کارروائی، سپیشلی ایبلڈ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس کی کارروائی، سپیشلی ایبلڈ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد پولیس کو متاثرہ لڑکی کی والدہ نے درخواست دی کہ ملزم معاویہ نے اس کی ذہنی معذور بیٹی کے ساتھ زیادتی کی، نصیر آباد پولیس نے متاثرہ لڑکی کی (بقیہ نمبر 61)

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، 05 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، 05 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم عمران سے 01 کلو 870 گرام چرس، گنجمنڈی پولیس نے ملزم اسماعیل سے 05 لیٹر (بقیہ نمبر 65)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

بالاکوٹ: سیلفی کے شوق نے غیر ملکی سیاح خاتون سمیت 2 افراد کی جان لے لی

افغانستان، 39 من چرس کی کراچی سمگلنگ ناکام

ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں

2 کارروائیوں میں مجموعی طور پر 1565 کلو منشیات برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا

کوئٹہ (کرائم رپورٹر) افغانستان سے 39 من چرس کراچی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اے این ایف نے کارروائی کر کے افغانستان سے 39 من چرس کراچی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس کے مطابق 2 کارروائیوں میں مجموعی طور پر 1565 کلو منشیات برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ بلوچستان میں کارروائی کے دوران کوئٹہ کے علاقے یارو کے قریب کپاس کے کنٹینر سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کی گئی، کنٹینر سے برآمد ہونیوالی 1550 کلو چرس کپاس کی گانٹھوں میں چھپائی گئی تھی جسے 2 ملزمان افغانستان سے (بقیہ نمبر 60)

تشدد کا شکار کمسن ملازمہ کو زہر بھی دیئے جانے کا انکشاف

لاہور کے جنرل اسپتال میں زیر علاج رضوانہ کے لیے اگلے 24 گھنٹے اہم قرار دیئے گئے

لاہور (سٹی رپورٹر) لاہور کے جنرل اسپتال میں زیر علاج رضوانہ کے لیے اگلے 24 گھنٹے اہم قرار دیئے گئے۔ جج کی اہلیہ کے مبینہ تشدد کا شکار زخمی گھریلو ملازمہ رضوانہ کی طبیعت گذشتہ روز دوبارہ خراب ہوگئی جس پر اسے آکسیجن لگا دی گئی تھی۔ پرنسپل پوسٹ گریجویٹ کالج پروفیسر الفرید ظفر نے بتایا کہ رضوانہ کی صبح 4 بجے اچانک طبیعت بگڑی تھی جس کو دوبارہ آکسیجن لگا دی گئی۔ پروفیسر الفرید (بقیہ نمبر 66)